...ted by Mr. Masoodul Haque on behalf of Teacher ...
... Janty Printing Works, Jama Masjid ...

ڈاکٹر ذاکر حسین کی یاد میں

سالنامہ ۷۳-۱۹۷۲ء استادوں کا مدرسہ جامعہ ملیہ اسلامیہ

مجلس ادارت

فہرست

اداریہ

عبدالغفار ارشد

ڈاکٹر ذاکر حسین کا نام آتے ہی ذہن میں جامعہ ملیہ کی تصویر آجاتی ہے اور جب کوئی جامعہ کا ذکر کرتا ہے تو ڈاکٹر ذاکر حسین کی پوری شخصیت اپنے تمام جلال و جمال کے ساتھ نظروں میں گھوم جاتی ہے ذاکر صاحب جمہوریہ ہند کے نائب صدر بھی رہے اور صدر بھی مگر ہمارا اور ان کا تعلق جامعہ کے بسانے والے اور ملک کے عظیم ماہر تعلیم کی حیثیت سے اصلی بھی ہے اور گہرا بھی۔ اس تعلق کی بنیاد پر ان کے بہترویں یوم پیدائش کے موقع پر ہم نے اپنے رسالے کو انہیں یاد کرنے کا ایک وسیلہ بنایا ہے

ہمیں اس بات کا احساس ہے کہ یہ ذاکر صاحب کے شایان شان نہیں ہے اسے بہت اچھا ہونا چاہئے مگر کیا کیجئے مالی وسائل کی کمی نے ہمارے حوصلوں کو آخرکار پست کر ہی دیا ان تمام کمیوں کے باوجود ہمیں امید ہے کہ آپ کو رسالے کے کچھ مضامین ضرور پسند آئیں گے

ہم ان تمام طالب علموں اور استادوں کا شکریہ ادا کرتے ہیں جنہوں نے عملی طور پر ہماری امداد فرمائی اور ان لوگوں سے معذرت خواہ ہیں جن کی تخلیقات کو ہم جگہ کی کمی کی وجہ سے شامل نہ کر سکے

مُدیر

ڈاکٹر ذاکر حسین ـــــ ایک خاکہ

پروفیسر محمد مجیب

ہوشیار لوگ برسوں سے اس کوشش میں لگے ہیں کہ ڈاکٹر ذاکر حسین کی شخصیت کا اندازہ کریں کوشش کرنے پر وہ مجبور تھے اس وجہ سے کہ ذاکر صاحب ممتاز حیثیت کے مالک تھے اور وہ اپنی کوشش کے نتیجے سے مطمئن بھی ہو گئے اگرچہ ان کی کامیابی اتنی ہی محدود تھی جتنی کہ ان کی اپنی غرض اور نظر اسی وجہ سے ڈاکٹر ذاکر حسین کی وہ صفتیں جو وقت کے ساتھ نمایاں ہوئی تھیں ان لوگوں کو حیرت میں ڈالتی رہی تھیں جو کسی لمبی مدت تک ان کی کارگزاری کو دیکھتے رہے۔ طالب علمی کے زمانے ہی ڈاکٹر صاحب بہت ہر دل عزیز تھے۔ لیکن ان کی تعریف کرنے والوں میں کسی کو گمان نہیں تھا کہ ان میں علم حاصل کرنے کا کوئی حوصلہ ہے ان کی شخصیت میں بڑی کشش تھی ان کی گفتگو پُر لطف تھی۔ وہ بحث میں تیز تھے۔ وہ بہت عجیب عجیب اور دل کش حرکتیں کرتے تھے۔ مثلاً ایک مرتبہ وہ کسی معجون کا ایک پورا مرتبان کھا گئے اور بڑے بھولے پن سے اس کی یہ وجہ بتلائی میں کیا کرتا بھوک لگی تھی اور کھانے کو کوئی اور چیز نہ تھی۔ ان کی تعریف کرنے والوں میں سے کسی کو اس کا بھی خیال نہ ہوا کہ ان کا لاابالی پن ظاہری ہے اور ان کی طبیعت کی گہرائی میں اور بہت کچھ ہے جس کا پتہ نہیں چلتا۔ جب انہوں نے حالات سے اثر لے کر مسلم یونیورسٹی کو چھوڑا اور جامعہ ملیہ کو قائم کرنے میں شریک ہوئے تو ان کے بہت سے دوستوں کو تعجب ہوا اور بعض کو افسوس بھی لیکن پھر انہوں نے بھی دیکھا کہ انہوں نے اپنے لاابالی پن کو چھوڑا نہیں ہے اور پہلے کی طرح مزے مزے کی باتیں کرتے ہیں۔

گویا اسی زمانے سے ڈاکٹر ذاکر حسین کی شخصیت کا صحیح اندازہ کرنا مشکل ہو گیا تھا اور وقت کے ساتھ اور مشکل ہوتا گیا۔ دراصل ان کی شخصیت میں کوئی کایا پلٹ نہیں ہوئی تھی ایسا نہیں ہوا کہ وہ پہلے ایک زندہ دل نوجوان تھے اور بدل کر جوشیلے نیشنلسٹ ہو گئے اور ایسے معلم ہو گئے کہ جسے تعلیم کے سوا دنیا کے کسی معاملے سے مطلب نہ ہو۔ یا معلم تھے اور بدل کر ایک ماہر ادب بن گئے جو اپنے چھوٹے سے ادارے جامعہ ملیہ کو سیاسی طوفان

میں سے بچا کر نکال لایا۔ گورنر ہونے کے بعد یا وائس پریسیڈنٹ منتخب ہونے کے بعد وہ اور سب کچھ بھول کر
حکومت کے ایک ممتاز رکن نہیں بن گئے ان کی زندگی ایک سیدھا سادہ معاملہ ہے قدرتی صلاحیتوں کی بنا پر بیج
کے پودے اور پودے کے درخت سے ان صلاحیتوں کے رفتہ رفتہ ظاہر ہونے کا جو موجود تھیں اور بروئے کار
نہیں آئی تھیں۔ ۱۹۲۰ء کے ہنگامے میں وہ صوفیوں کے اصول کے مطابق دل و جان سے تالیف قلوب میں مشغول
ہو گئے اور انہوں نے جامعہ ملیہ کو اس اصول کی ایک زندہ مثال بنا دیا۔ شیخ الجامعہ کی حیثیت سے ان کو اسّی روپے
ماہانہ ملتے تھے اور جامعہ ملیہ کی مالی حالت بہت خراب تھی، جب انہیں مسلم یونیورسٹی کا وائس چانسلر بننے پر مجبور
کیا گیا لیکن یہ بھی ایک طرح زندگی کے سفر کی ایک منزل تھی۔ یونیورسٹی کا کیمپس بہت جلد ایک دل کش باغ بن گیا
لیکن خود ڈاکٹر صاحب معلوم ہوتا تھا کہ گلابوں کے عاشق ہیں طرح طرح کے خوب صورت پودے اور جھاڑیاں اور
پھول دار درخت، مصوری کے کارنامے اور ارضیات کے لحاظ سے اہم پتھر اور فوسل FOSSILS جمع کرنے
میں مشغول ہیں جرمنی میں وہ کمپوزیٹر کا کام اور خوش نما طباعت اور جلد سازی کا گر سیکھ چکے تھے اور وہیں انہوں نے
موسیقی اور جدید آرٹ کا ذوق پیدا کیا تھا۔ انہوں نے کسی پرانے شوق کو چھوڑا نہیں تھا بلکہ لکھنے میں بھی
رہے تھے اگرچہ لکھنے کا عمل انہیں ناقابل برداشت معلوم ہوتا تھا۔ یہ کہنا زیادہ صحیح ہوگا کہ زندگی کے ہر موڑ پر
انہوں نے شوق کی چیزوں میں کوئی نہ کوئی اضافہ کیا اور ہر شوق معلوم ہوتا تھا کہ پرانا ہے اور اس سے دلبستگی کا
سبب یہ ہے کہ انہوں نے خود اسے اپنے لئے منتخب کیا ہے۔ جب کبھی وہ ایک مقام سے گئے ہیں تو اپنی یادگار
کے طور پر ایک باغ چھوڑ گئے ہیں

ڈاکٹر ذاکر حسین سے جو بھی ملتا تھا اس پر ان کی تہذیب اور ان کے انکسار کا فوراً اثر پڑتا تھا۔ ایسی
بات کہنا جس سے کسی کے دل کو دکھ ہو یا کوئی ناگواری ہو انہوں نے اپنے اوپر حرام کر رکھا تھا اور اسی وجہ سے
لوگ انہیں اپنی غرض کی خاطر ستاتے رہتے تھے ڈاکٹر ذاکر حسین اپنی شکست تسلیم کرنے کو تیار رہتے تھے اگر
ان کی شکست میں تہذیب کی فتح ہو سکے۔ صرف انہیں باتوں میں تھا جنہیں سپاہ گری کی زبان میں جھڑپ کہتے
ہیں۔ بڑے معاملوں میں وہ اپنی ہمت کو تہذیب کی زرہ بکتر پہنا کر بڑے سے بڑے مقابلہ کو تیار رہتے تھے
ان کا خلوص ان کو اس کی اجازت نہیں دیتا کہ آدمیوں کو یا تصورات کو شطرنج کے مہرے بنائیں ان پر ہر شخص
بھروسہ کر سکتا تھا ایسا شخص بھی جو علانیہ ان کا مخالف ہو۔ لیکن کوئی دوست ہو یا مخالف وہ اس بھروسے کی وجہ سے
ناجائز فائدہ نہیں اٹھاتا تھا ڈاکٹر ذاکر حسین میں ایسی انصاف پسندی تھی جو انہیں مجبور کرتی تھی کہ ہر معاملہ
کا دوسرا رخ بھی دیکھیں اور دیکھنے پر جو چیز ان کو نظر آتی تھی اسے وہ نظر انداز نہیں کرتے

ڈاکٹر ذاکر حسین کو جو بھی دیکھتا تھا وہ محسوس کرتا تھا کہ وہ اتنے قد آور ہیں جتنا کہ ایک مرد آدمی کو ہونا

چاہیئے لیکن وہ اپنی قامت کی بلندی کو پوری طرح ظاہر نہیں کرتے تھے۔ انہوں نے ایک عمل کے میدان میں جو علم اور تجربہ حاصل کیا اس عمل کا میدان بدلنے کے بعد بھول نہیں گئے ان کے عمل کا میدان بدلتا رہا لیکن ان کی شخصیت جیسی تھی ویسی ہی رہی اور اس طرح ہر نئے میدان میں وہ تازگی اور جدت کا نمونہ بن کر آئے وائس پریسیڈنٹ کی حیثیت سے ان کی جن غیر ملکی نمائندوں اور اعلیٰ عہدیداروں سے ملاقاتیں ہوتی رہیں وہ اکثر یہ دیکھ کر بہت خوش اور متاثر ہوتے کہ ڈاکٹر ذاکر حسین ان کے یہاں کے پھولوں، درختوں اور پتھروں کے بارے میں ایسی بات جانتے ہیں جو خود انہیں معلوم نہیں۔ ایک مرتبہ انہوں نے برما کے وزیر اعظم سے ایک پھول دار درخت کا ذکر کیا جو برما میں ہوتا ہے اور جس کا نام وزیر اعظم نے نہیں سنا تھا۔ تیونس میں وہ ایک جلوس کے ساتھ جا رہے تھے جب انہوں نے دیکھا کہ راستے کے دونوں طرف انار کے چھوٹے چھوٹے درختوں کا حاشیہ ہے وہ فوراً رک گئے اور جب تک انہیں یہ نہیں معلوم ہو گیا کہ انار کی یہ قسم کیسے پیدا کی جاتی ہے اور کیسے پھیلائی جاتی ہے وہ آگے نہیں بڑھے۔ یونان کے بادشاہ سے انہوں نے یونان کے مختلف قسم کے سنگِ مرمر پر گفتگو کی جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ شاہ یونان نے ایک بہت خوش نما ڈبے میں یونان کے سنگ مرمر کے مختلف نمونے بھیجے سوویت روس کے سائنس دانوں سے ملاقات ہوئی جنہوں نے دیکھا کہ ڈاکٹر ذاکر حسین کو معدنیات کے عجائبات سے بہت دلچسپی ہے تو انہوں نے واپس جا کر کوہ اورال کے مختلف رنگین کرسٹل پتھروں کا درخت سا بنا کر بھیجا جو ڈاکٹر ذاکر حسین کے ڈرائنگ روم میں رکھا رہتا تھا۔ غیر ملکی عمائدین سے سیاسی گفتگو کی تمہید کے طور پر اگر علم دشوق کی باتیں ہوں تو دوستی کی ایک فضا پیدا ہو جاتی ہے۔ اور گفتگو کا نتیجہ اتفاق رائے ہو یا اختلاف رائے۔ اپنے اور غیر میں ایک خالص انسانی رشتہ ضرور قائم ہو جاتا ہے۔

میں نے یہ مضمون اس ارادے سے لکھنا شروع کیا تھا کہ ڈاکٹر ذاکر حسین کا چہرہ مرتب ہو جائے لیکن میں محسوس کرتا ہوں کہ چہرہ کیا خاکہ بھی نہ بن سکا۔ نگر نقش میں صفائی کیسے آ سکتی ہے جب دل میں یہ محسوس ہو کہ یہ صفائی ہی نقش کو حقیقت کے خلاف کر دیتی ہے۔ کسی صفت کو وثوق کے ساتھ کیسے بیان کیا جائے جب ساتھ ہی یہ محسوس ہوتا ہے کہ کسی ایک صفت پر نظر کو قائم کیا جائے تو خصوصیتوں اور اوصاف کا جو مجموعہ ہے اس کی صحت میں فرق آ جاتا ہے میں نے کئی مرتبہ اس کی کوشش کی ہے کہ صاف صاف اور پیچ دار سوال کر کے، ایک نقاد کے انداز سے جسے تنقید کا اعزاز دیا گیا ہو یا ایک بے تکلف دوست کی طرح معلوم کروں کہ ڈاکٹر ذاکر حسین کے عقیدے کیا ہیں یا ان معاملات میں جنہیں دینی یا روحانی کہا جاتا ہے، ان کا رویہ یا نقطۂ نظر کیا ہے۔ لیکن انہوں نے ہمیشہ کوئی لطیفہ بیان کر کے یا ایسی بات کہہ کر جسے وہ جانتے تھے کہ میں صحیح نہ سمجھوں گا مجھے خاموش کر دیا۔ میں نے یہ محسوس کیا ہے کہ اس لگاؤ کی تہہ میں جو قومی تعلیم قومی سیرت اور

ہر اس خصوصیت سے جو ایک اچھے شہری اور مہذب انسان میں ہونا چاہیے ایک توکل ہے جو تمام موجودات کو اور تمام معاملات کو بے حقیقت سمجھتا ہے اور ایسے ہی میں نے اکثر محسوس کیا ہے کہ اس توکل کی تہہ میں ایک بے چینی ہے جو کسی وقت بھی شعلہ بن کر نکل سکتی ہے۔ اس توکل اور بے چینی میں کوئی تضاد نہیں ہے اس لئے کہ یہ **توکل** کسی منطقی استدلال کا کسی غور و فکر یا زندگی کے تجربات کا نتیجہ نہیں ہے یہ ایک پرتو ہے دل کی قوت کا ایک اثر اس صبر کا جس کے بغیر ایمان پختہ نہیں ہوتا اور امید یقین سے محروم رہتی ہے۔ دوسری طرف جو بے چینی ہے وہ کسی ایک نقطے پر تمام قوتوں کے یکجا ہو جانے کا نتیجہ ہوتی ہے یہ مختلف میلانات جن کی جڑیں طبیعت کی گہرائی تک پہنچتی ہیں کس طرح ڈاکٹر ذاکر حسین کی شخصیت میں ہم آہنگ ہوتے تھے اور ان کی گفتگو اور عمل میں ظاہر ہوتے تھے فطرت اور تہذیب کا ایک معمہ ہے اور ہمیں سمجھ لینا چاہئے کہ معمہ رہے گا۔ اسے اس طرح بیان نہیں کیا جا سکتا کہ وہ حل ہو جائے۔ اس کی ایسی تشریح نہیں کی جا سکتی کہ ہم ہر محرک کو الگ کر سکیں۔ یعنی آخر میں یہی کہا جا سکتا ہے کہ الفاظ کو جوڑ کر ڈاکٹر ذاکر حسین کا خاکہ مرتب نہیں کیا جا سکتا

"اکثر استادوں کے حلقے میں ایسے کاریگر ہوتے ہیں جن کی ساری عمر کی کوشش سے کچھ جھوٹے ریاکار خود دیکھنے میں تو بہت اچھے مذہبی اور اخلاقی لوگ ہیں پیدا ہوتے ہیں مگر ان کے نیک عمل کی جڑیں ان کے دل تک نہیں پہنچتیں۔ یہ لوگ جھوٹے مال پر اپنے کارخانے کا ٹھپہ لگا دینا کافی سمجھتے ہیں اور اصل دھات کو بدلنے کی جگہ ملمع کر دینے پر راضی ہو جاتے ہیں"

(ڈاکٹر ذاکر حسین)

ڈاکٹر صاحب ــــ ایک مُعلّم

ڈاکٹر محمد اکرام خاں، (لکچرر)

کچھ دن کم چار سال پہلے ڈاکٹر صاحب اللہ کو پیارے ہو گئے ہیں لیکن اُن کے غم کا داغ کسی صورت ہلکا ہوتا نظر نہیں آتا ہے بلکہ کچھ ایسا لگتا ہے کہ وقت گزرتا رہے گا اور ڈاکٹر صاحب کی جدائی کا غم شخصی اور قومی زندگی کے ہر جوڑ پر اس شخص کو خون کے آنسو رلائے گا جس کا کسی نہ کسی عنوان ڈاکٹر صاحب سے تعلق رہا ہو آج کے سب لوگ ڈاکٹر صاحب کو اچھی طرح جانتے ہیں بہتوں نے اُن کو دور یا نزدیک سے اچھی طرح دیکھا ہے بہتوں نے ان کے ساتھ کام کیا ہے بہتوں نے ان کی رہنمائی اور ہدایت کے مطابق اپنے فرائض منصبی کو بہتر انجام دیا ہے بہتوں نے اپنی زندگی ان کی ماں اور باپ جیسی شفقت سے سجائی اور سنواری ہے بہتوں نے ان کی سرپرستی اور نگرانی میں تعلیم حاصل کی ہے مجھے ان کے ایک حقیر شاگرد ہونے کا فخر حاصل ہے میں نے اُن کو سدا ایک مُعلّم کی حیثیت سے دیکھنے اور سمجھنے کی کوشش کی ہے۔

یوں تو ڈاکٹر صاحب ہمارے درمیان نہیں ہیں۔ لیکن ان کی تحریروں اور تقریروں، ان کے افکار اور کردار، اُن کے اُصولوں اور قدروں کا بیش بہا خزانہ قوم کے تعلیمی خزانوں میں محفوظ ہے نئی نسلوں کے لوگ اس محفوظ خزانہ کے ذریعہ ڈاکٹر صاحب کو جانیں گے، ڈاکٹر صاحب کو سمجھیں گے۔ ڈاکٹر صاحب کو پڑھ کر اپنے لئے آگے کی راہ تلاش کریں گے۔ البتہ یہ ضرور ہے کہ ہر شخص اس خزانہ سے براہ راست فیض یاب نہیں ہو سکے گا۔ اس کے لئے ضرورت ہے کہ تحقیقاتی کام کرنے والے لائق اور اہل قلم حضرات ڈاکٹر صاحب کے علم و فضل کی گہرائی ان کی مذہبی اور فلسفیانہ نظر، ان کے اسلوب بیان اور طرز تحریر و تقریر، ان کے اُصول تعلیم اور طریقۂ تعلیم ان کی سیرت کی بلندی اور وقار، ان کی سیاسی سوجھ بوجھ اور حسن انتظام، ان کی حق پرستی اور انصاف پسندی اُن کی انسان دوستی، اور دیش بھگتی، ان کی خدمت اور ایثار، ان کی دلچسپی اور ذوق کا تفصیلی مطالعہ کریں اور تاریخ کو اپنی تحریروں اور تقریروں کے ذریعہ دوسروں تک پہنچائیں۔ اس طرح نئی نسلیں ڈاکٹر صاحب سے فیض یاب ہو سکیں گی۔

ڈاکٹر صاحب نے زندگی بھر اپنے وطن عزیز کی خدمت کی ہے خدمت ان کا وظیفہ زندگی تھا۔ انہوں نے ایک معلّم کی حیثیت سے قومی خدمت کے میدان میں قدم رکھا اور صدر جمہوریہ کی حیثیت سے اس سفر کو ختم کیا اور بالآخر اپنی جان جان آفریں کے سپرد کر دی (خدا اُن کو اپنی رحمتوں سے مالا مال فرمائے) ۱۹۲۰ء سے ۱۹۶۹ء تک ڈاکٹر صاحب نے اَن گنت طریقوں اور حیثیتوں سے قومی خدمت کے کارہائے نمایاں انجام دیئے ہیں لیکن انہوں نے اپنی معلّم کی حیثیت ہر قدم پر باقی رکھی ہے۔ اس حیثیت پر ہمیشہ فخر کیا ہے۔ شاید اس کی اصل وجہ یہ ہے کہ ان کے دل کو سکون اور قرار اسی حیثیت میں زیادہ حاصل ہوا ہے۔ مُعلّم کی حیثیت سے انہوں نے صحیح معنوں میں صحیح اور صالح قدروں کی اشاعت اور قومی کردار کی تشکیل کی ہے اکتوبر ۱۹۵۴ء میں جے پور میں استادوں کے اجتماع کو مخاطب کرتے ہوئے فرماتے ہیں۔

"میں دل سے آپ کا شکرگزار ہوں کہ آپ نے اس سمیلن کے موقع پر مجھے یاد فرمایا۔ آدمی کو شاید سب سے زیادہ خوشی اس سے ہوتی ہے کہ اس کی برادری کے لوگ اسے پسند کریں میری برادری یہی شکشکوں کی برادری ہے میں نے آج سے کوئی ۲۴ ۲۵ برس پہلے اس کام کو اپنایا تھا اور اس لمبی مدت میں کبھی مجھے ایک آن کو یہ افسوس نہیں ہوا کہ میں نے یہ کام کیوں لیا خاص مشکلوں میں مجھے یہ کام کرنا پڑا شکشا کو نئے ڈھنگ پر ڈالنے کی کوشش میں لوگوں کی مخالفت بھی سہنی پڑی اور مخالفت کی گرمی سے زیادہ بے پروائی کی ٹھنڈی مار بھی پڑتی رہی مگر جی نے سکھ اسی کام میں پایا اور ساتھیوں اور شاگردوں کی محبت نے سب تکلیفوں کو بھلا دیا۔ آپ کا آج مجھے ملانا بھی انہیں تکلیفوں کا انعام ہے سچ یہ ہے کہ دیا کم ہے پایا زیادہ ہے،

بار اٹھانے میں جفائیں تو اٹھائیں لیکن
لطف بھی ایسا اٹھایا ہے کہ جی جانے ہے

میں نے جب شکشا کے میدان میں قدم رکھا تھا تو وہ ہماری غلامی کا زمانہ تھا۔ ہم ایک پردیسی راج کی ایڑی تلے دبے ہوئے تھے۔ سامراج کی رسیوں میں جکڑے ہوئے تھے پر وہ بڑی بے چینی اور ہلچل کا زمانہ بھی تھا۔ ہم غلامی کی رسیاں توڑنے میں اپنا سارا زور لگا رہے تھے ان رسیوں کو کاٹنے کی کوشش میں راشٹری شکشا کی کوشش بھی تھی۔ یہ ایک کمزور سی کوشش تھی میں بھی دوسرے ساتھیوں کے ساتھ اس میں لگ گیا۔"

ڈاکٹر صاحب تعلیمی آدمی تھے۔ انہیں درس و تدریس میں لطف آتا تھا۔ یہی وجہ ہے کہ انہوں نے زندگی کا بہترین اور بیشتر حصہ مُعلّم کی حیثیت سے گزارا ہے۔ وہ اسی حیثیت سے اپنا مقصدِ حیات حاصل کرنا چاہتے تھے اور ہاں انہیں اسی میں اپنا مقصدِ حیات حاصل ہوا ہے۔ علی گڑھ سے چلے آنے کے بعد کچھ تصنیف و تالیف کا کام کرنا چاہتے تھے کہ پنڈت جواہر لال نہرو نے انہیں راجیہ سبھا کا ممبر بنا دیا اور پھر ان کی عدم موجودگی ہی میں ان کو

ریاست بہار کا گورنر مقرر کر دیا گیا ظاہر ہے ڈاکٹر صاحب سے مشورہ ضرور کیا گیا ہوگا۔ لیکن ایک مبارکباد کے خط کے جواب میں انہوں نے ۳ رجون ۱۹۵۷ء کو برسوں سے اپنے ایک شاگرد کو جو خط لکھا تھا وہ ذیل میں درج ہے اس سے پتہ چلتا ہے کہ گورنری کا عہدہ قبول کرتے وقت ڈاکٹر صاحب کے اصل جذبات کیا تھے

"... مبارکباد پر کیا لکھوں، کسی کو کوئی چیز بلا استحقاق مل جائے اور اس کا چرچا ہو تو وہ بے چارہ سوائے اس کے کہ شرمندہ ہوا کرے اور کیا کرے، لیکن آپ خوش ہیں اس لئے میں بھی خوش ہوں۔ کام میری ساری پچھلی زندگی سے لگا نہیں کھاتا ہے۔ لیکن انکار مناسب نہ تھا۔ دعا کیجئے کہ لاج رہ جائے۔ مگر آپ نے تو بہت سی امیدیں قائم کر لی ہیں۔ بستی بسانا کھیل نہیں۔ بستے بستے بستی ہے"

ڈاکٹر صاحب نے بحیثیت معلم بھی طور پر ان گنت نوجوانوں کی زندگیاں علم کی روشنی سے منور کی ہیں۔ انہیں اپنے شاگردوں سے بے پناہ اور مستقل محبت تھی۔ ان کے یہاں استاد اور شاگرد کا رشتہ دائمی رشتہ سمجھا جاتا تھا وہ اپنے شاگردوں کی مدرسوں اور کالجوں سے فارغ التحصیل ہونے کے بعد بھی ہر آڑے وقت میں مدد فرماتے تھے۔ شاید ان کے دل بے قرار کو قرار ہی شاگردوں سے مل کر اور ان کی رہنمائی کر کے ملتا تھا۔ ایک خط کا ضروری حصہ ذیل میں درج ہے۔ یہ خط ڈاکٹر صاحب نے ۲۳ رمئی ۱۹۵۹ء کو راج بھون رانچی سے اپنے ایک شاگرد کے خط کے جواب میں لکھا تھا۔

"آپ نے اپنی جو سرگزشت لکھی ہے اس سے رنج ہوا اور اپنی بے بسی پر اس سے زیادہ رنج، یہاں کسی باہر کے آدمی کے لئے تعلیمی کام کا ملنا مشکل ہے جب سے اپنا موجودہ کام سنبھالا ہے بوجوہ سفارشی خط لکھنا ترک کر دیا ہے۔ اب اگر کوئی مجھ سے کسی کے متعلق رائے دریافت کرتا ہے تو لکھ دیتا ہوں۔ لیکن بسا اوقات ایسا ہوتا ہے کہ مجھ سے دریافت نہیں کیا جاتا سفارش سے زیادہ مفید ایک مشورہ آپ کو دینا چاہتا ہوں وہ یہ کہ ہر آدمی کی زندگی میں ایک نہ ایک وقت آزمائش کا ہوتا ہے بانصیب اس سے اپنی بہترین صفات کی تربیت کا کام لیتے ہیں، بے نصیب تقدیر سے لڑتے ہیں اور اپنے دل کی تلخی سے اپنی زندگی خراب کرتے ہیں۔ خارجی دنیا جیسی کی تیسی رہتی ہے اور یہ غریب بگڑ جاتے ہیں۔ اپنی مشکلوں سے اپنے اندر تلخی پیدا نہ ہونے دیجئے۔ وقت کی اچھی صفتوں میں یہ بھی ہے کہ گزر جاتا ہے۔ اچھا ہی نہیں، برا بھی۔"

مجھے معلوم ہے کہ ڈاکٹر صاحب مذکورہ بالا خط لکھنے کے بعد اس وقت تک چین سے نہیں بیٹھے جب تک اپنے اس شاگرد کو دہلی کے ڈائرکٹر آف ایجوکیشن سے کہہ کر یا کہلا کر ایک گورنمنٹ اسکول میں استاد کی حیثیت سے ملازم نہیں کرا لیا یہ اس لئے لکھ رہا ہوں کہ وہ صرف نصیحت ہی نہیں کرتے تھے بلکہ صحیح معنوں

میں ضرورت مندوں کی ضرورت بھی پوری کرتے تھے۔
قومی نقطۂ نظر سے دیکھیے یہ معلوم ہوتا ہے کہ ذاکر صاحب ہماری پوری قوم کے استاد تھے۔ انہوں نے ملک کی آزادی اور قوم کی ترقی کے لئے قومی تعلیم کا ایک مکمل خاکہ بنیادی قومی تعلیم کے نام سے پیش کیا تھا۔ انہوں نے جامعہ میں قومی تعلیم کا نصاب تیار کیا اسے برتا اور پھر اس کے لئے ایک طریقۂ تعلیم تجویز کیا۔ اُن کی تقریروں اور تحریروں سے پتہ چلتا ہے کہ وہ کام کے ذریعہ تعلیم کو کتنی اہمیت دیتے تھے اور کیوں؟ کام دراصل ان کے نزدیک تعلیم آدمی کے ذہن کی پوری پوری پرورش کا نام ہے اور وہ یہ پرورش کام کے ذریعہ تعلیم دے کر کرانا چاہتے تھے۔ ۲۵ اکتوبر ۱۹۵۷ء کو پٹنہ سے ایک خط میں بڑی حسرت کے ساتھ تحریر فرماتے ہیں۔
"لیکن بنیادی تعلیم کو لوگ نہ نظری طور پر سمجھتے ہیں، نہ اُس کا عملی مظاہرہ ہی بہت اچھا ہو رہا ہے۔ بڑی محنت کا کام ہے یہ۔ ملک کا بڑا محسن ہوگا جو اسے کر ڈالے نہ جانے یہ سعادت کس کے نصیب میں ہوگی!"
ذاکر صاحب کی ذات میں اچھے استاد کی تمام تر خوبیاں اور صفات موجود تھیں وہ عالم باعمل تھے۔ وہ سماجی آدمی تھے۔ وہ سب کا ادب کرتے تھے۔ بڑوں کا بھی ساتھیوں کا بھی، بچّوں کا بھی، اور سب سے بڑی بات تو یہ کہ اپنا بھی۔ وہ صابر تھے اور مستقل مزاج وہ کتابوں کے عاشق تھے وہ حساس تھے اور بے حد ذہین تھے انہیں بچّوں سے والہانہ محبت تھی۔ وہ دوسروں پر یقین رکھتے تھے غرض یہ کہ ان میں ایک اچھے استاد کی ہر صفت بدرجہ اتم موجود تھی لیکن ذاکر صاحب کی سب سے زیادہ نمایاں اور قابلِ ذکر خوبی اور صفت یہ تھی کہ وہ شاگردوں کی بسنے والی شخصیت کا رخ پہچان کر نہ صرف اس کی ترقی کے امکانات کا اندازہ کرتے تھے بلکہ اسے درجۂ کمال تک پہونچانے میں ہر ممکن مدد کرتے تھے۔
ذاکر صاحب ہر شخص سے بالخصوص اپنے شاگردوں سے ماں کی طرح غیر مشروط محبت کرتے تھے معلم کی حیثیت سے اُن کی بڑی خوبی یہ تھی کہ وہ لوگوں کی سیرت کے بُرے پہلوؤں کو نظر انداز کرتے اور اچھے پہلوؤں کو ڈھونڈھ نکالتے تھے۔ ان کی کچھ اس طرح قدر و ہمت افزائی کرتے تھے کہ انہوں نے ہزاروں گرتوں کو تھاما ہے اور ہزاروں کو بھٹکنے سے بچایا ہے۔ اس سلسلے میں حسب ذیل خط ملاحظہ فرمائیے جسے انہوں نے "بچّوں کا گھر" دریا گنج دہلی کے ایک سولہ سالہ طالب علم کے ایک خط کے جواب میں "گھر" کے نگراں کو راج بھون پٹنہ سے ۱۵ اکتوبر ۱۹۶۱ء کو لکھا تھا۔

محبی فاروق صاحب، السلام علیکم

خلیل میاں (مالو) کا ایک خط مجھے ملا۔ اس میں انہوں نے یہ لکھا ہے کہ وہ یہ خط آپ کی اور حکیم صاحب کی ہدایت کے مطابق لکھ رہے ہیں چاہیے تو اب انہیں نہیں لکھ رہا ہوں آپ ہی کو لکھتا ہوں۔ اگر خط انہوں نے آپ کی ہدایت پر ہی لکھا ہو تو انہیں میری رائے بتا دیجئے گا۔

پہلی بات تو یہ ہے کہ میں شادی کے بارے میں کسی سے گفتگو نہیں کر سکوں گا نہ پٹنہ میں نہ کہیں اور۔ بالو نے پٹنہ میں کسی صاحب کی والدہ کا نام لکھا ہے۔ میں ان سے گفتگو کرنے سے معذور ہوں۔ دوسری بات یہ ہے کہ میری رائے میں شادی کرنے سے پہلے میاں خلیل کو برسرروزگار ہونا چاہیے۔ سوائے اس کے کہ کوئی دلہن انہیں ایسی ملے جو انہیں پالنے پر تیار ہو اور سراسر پالتی رہے۔

تیسری بات یہ ہے کہ اگر شادی کا ارادہ مصمم کر لیا ہے تو صاحبزادے کو انتخاب میں بڑی غلطی سے بچانے میں آپ، حکیم صاحب اور اکرام صاحب ان کی مدد فرمائیں۔ آگے اُن کی مرضی اور خدا کی مرضی۔"

اس تذکرہ سے ڈاکٹر صاحب کی شخصیت، اُن کی بڑائی اور ان کی تعلیمی خدمات کا صرف دھندلا سا اندازہ ہوتا ہے ورنہ حقیقتاً ان کا ذکر تو ان کے دوستوں اور ساتھیوں کے قلم کی زبان سے سننے میں لطف آتا ہے اُن کی بڑائی کا اندازہ سچ پوچھیے تو ان تحریروں سے ہوتا ہے جو ملک کے باوقار اور قابل ذکر اشخاص کی ہیں۔ مثلاً خواجہ غلام السیدین مرحوم جو خود بھی ایک کامیاب   دیکھئے اور جن کی شخصیت ایک حسین اور موزوں ترین مجموعہ تھی جامعیت، کلیت اور انفرادیت کا انہوں نے ڈاکٹر صاحب کے ایک خطبۂ صدارت کو پڑھنے کے بعد انہیں لکھا تھا۔

"حبیب محترم

ہوائی جہاز کا سفر اور قلم اتنک افشاں اس لئے قلم سرسری سے لکھنے کی معافی چاہتا ہوں۔ اس سفر کے دوران میں علی گڑھ کا خطبۂ صدارت پڑھا خلق الانسان علمہ البیان اور علی گڑھ گزٹ کا ذاکر نمبر دل عقیدت سے لبریز ہے اور آنکھیں پُرنم اور قدرت سے یہ شکایت کہ جب وہ ایسی تخلیق کر سکتی ہے تو ہم جیسے خس و خاشاک پر طبع آزمائی کی زحمت کیوں فرمائی؟

آپ کا

سیدین"

8 3 57

ڈاکٹر صاحب کا شوق باغبانی

اکرام احمد (لکچرر)

"ڈاکٹر صاحب کو کن باتوں سے دلچسپی ہے اس کا پتہ لگانا آسان ہے اس لئے
کہ ان کو ہر چیز سے دلچسپی ہے، کم لوگ ایسے دیکھے گئے ہیں جو اپنے گرد و پیش اور نزدیک و دور کی ہر طرح
کی معمولی و غیر معمولی چیزوں اور باتوں سے اتنی بھرپور دلچسپی رکھتے ہوں حتی کہ وہ باغبانی سے اُن کو عشق
تھا۔ ڈاکٹر صاحب کا مکان بہت مختصر لیکن صفائی، سادگی اور سلیقے کا نمونہ تھا۔ ایک بار کریلے کی کیاری
پر ہریالی چھا رہی تھی ڈاکٹر صاحب ایسے متاثر ہوئے کہ کام چھوڑ کر کافی دیر وہاں کھڑے رہے اور کہنے لگے
کیسی بہار آ رہی ہے اُس وقت بھی ہندوستان میں یونیورسٹیوں اور اچھے اداروں کی کمی نہ تھی لیکن شاید
ہی کہیں باغ ہو ڈاکٹر صاحب پہلے شخص ہیں جنہوں نے محسوس کیا کہ تعلیم کی طرح باغبانی بھی ایک تخلیقی فن
ہے چنانچہ جامعہ کے مدرسوں میں اسے ایک مستقل نصابی مضمون کی حیثیت دی گئی۔ طلباء خوش خوش اپنی
کیاریوں میں کام کرتے قرینے سے گملے بھرتے اور سجاتے باغبانی سے جو آمدنی ہوتی وہ نصف طلباء کو ملتی
اور نصف ادارے کو ۱۹۲۹ء کی جامعہ کی عمارتوں میں جس سدی کی تنظیم اور نفاست کو دیکھ کر یقین نہیں آتا
تھا کہ یہاں بے سر و سامانی کا دور دورہ ہے۔

جب جامعہ نگر کی عمارتوں کے نقشے بنے شروع ہوئے تو سب سے پہلے باغات کے لئے وسیع خطے محفوظ
کر دئے گئے عمارتوں کے لئے روپیہ کم تھا ایسے میں باغ پر خرچ کرنے کے لئے پیسہ کہاں سے آتا۔ پھر
ریلی پتھریلی زمین پانی نایاب جامعہ میں سوائے ببول کے اور کچھ نہ تھا۔ باغ لگانے کا حوصلہ کسی طرح پست نہیں
ہوا۔ میدانوں کے چاروں طرف مکانوں کی چہار دیواری کے سہارے بوگن ویلیا کی قطاریں لگوا دیں بوگن
ویلیا کے متعلق ڈاکٹر صاحب فرماتے انہیں پانی کم دو تو ان میں پتیاں کم اور پھول زیادہ آئیں گے۔
پرائمری اور سکنڈری اسکولوں کے درمیان بڑے بڑے لان اور پھول لگائے گئے تھے جہاں پہلے

کبھی دھول اڑتی تھی وہاں اب گلاب کی کیاریاں بن گئیں بہار کے موسم میں سارا میدان رنگوں سے کھل جاتا
ڈاکٹر صاحب جب بھی ہندوستان سے باہر جاتے اپنے ساتھ گلاب کے پودے ضرور لاتے اور اپنی نگرانی میں
جامعہ میں لگواتے۔ اُن کے زمانے میں جامعہ میں نہایت حسین گلاب تھے۔

اپنے اس شوق اور توجہ کی بنا پر وہ معمولی معمولی مالیوں کو اپنے مطلب کا سا بنا لیا کرتے اور ان میں
کام کا شوق پیدا کرتے اور انہیں محنت کا عادی بنا دیا کرتے جامعہ کے ابتدائی دور میں فقیرا نامی ایک مالی
تھا جو باغبانی کا سارا کام کرتا تھا حالانکہ بوڑھا ہو گیا تھا پھر بھی کام میں صبح سے شام تک لگا رہتا تھا جامعہ
کے تمام کارکنوں میں ڈاکٹر صاحب فقیرا مالی کی بہت تعریف کرتے تھے

انہوں نے گل مہر کے درختوں کی قطار اپنے مکان کے سامنے اور استادوں کے مدرسے کو جانے
والی پوری سڑک پر لگوائی گرمیوں میں سارا راستہ سرخ سرخ پھولوں سے نہایت خوشنما معلوم ہوتا ہے
اس سڑک کا نام اب گل مہر ایوینیو ہے۔

ڈاکٹر صاحب کو کیکٹس (ناگ پھنی) کی مختلف قسموں کے جمع کرنے اور پہاڑی باغ (راکری) بنا کر اس
میں کیکٹس کے پودے لگانے کا بہت شوق تھا انہوں نے جامعہ نگر میں اپنے مکان کے باغیچے کے ایک کونے
میں کیکٹس کی ایک بہت خوبصورت راکری بنائی تھی اس میں کئی اقسام کی ناگ پھنیاں لگی ہیں

ناگ پھنی لگانے کا شوق اب بہت عام ہو گیا ہے لیکن جس خوبی اور سلیقے سے ڈاکٹر صاحب نے
اپنی پہاڑی کو ترتیب دیا تھا ایسی پہاڑی دیکھنے کو کم ملے گی۔ ناگ پھنی کے پودوں کو ان کی شکل، اُن کی
رنگت، اُن کے قد اور اُن کے میلان کو مدنظر رکھ کر لگایا گیا تھا اس بات کا بھی خیال رکھا گیا تھا کہ ہر کیکٹس
کے پودے کی زمین ایسی خوبصورت اور عجیب پتھروں سے ترتیب دی جائے کہ پودے کے ساتھ جگہ بھی نکھر
جائے۔

اُن کا ذوق کسی مکان تک محدود نہیں رہتا وہ جہاں رہتے وہاں کے سارے ماحول اور گرد و پیش پر
چھا جاتا۔

پھولوں کے ساتھ ساتھ ان کو پھلوں کا بھی شوق تھا۔ پپیتے کے بیج نہ جانے کہاں کہاں سے منگواتے
اور مختلف لوگوں کو ان کے لگانے کی ہدایت کرتے۔ آم بھی انہیں بہت پسند تھے لیکن جامعہ کی زمین آموں
کے لئے کچھ موزوں نہیں تھی پھر بھی اپنے مکان کے صحن میں انہوں نے قلمی آم کا پودا لگایا۔ لیموں کے درخت
لگائے۔ ان کے لئے جامعہ نگر کی زمین موزوں تھی

جامعہ سے چلے جانے کے بعد بھی وہ اس کو بھولے نہیں۔ اکثر پودے بھجواتے رہتے تھے انہوں نے

ایک بار عمدہ قسم کے ناگو یری کے پودے بھیجے اُن میں سے کچھ ڈیپارٹمنٹ آف ایڈ گرانٹس کے باغ میں پھل رہے ہیں۔ کچھ کلام صاحب نے اہل جامعہ میں تقسیم کر دیئے دیودار کے درخت بھی ڈاکٹر صاحب کے بھیجے ہوئے ہیں۔

ڈاکٹر صاحب کی نظر ایک ایک پھول اور پودے پر رہتی تھی مجال نہیں جو کوئی پودا مرجھایا ہوا دکھائی دے یا کوئی کیاری صاف نہ رہے۔ ان کی دیکھا دیکھی ان کے رفقاء اور جامعہ کے اساتذہ اور کارکنان میں بھی باغبانی کا شوق پیدا ہو۔ پروفیسر مجیب صاحب کرنل بشیر حسین زیدی صاحب اور حامد علی خاں صاحب مرحوم کو ڈاکٹر صاحب ہی نے باغبانی کی طرف مائل کیا۔ ان کے علاوہ سید مجتبیٰ حسین زیدی صاحب محمد حبیب صاحب (اکاؤنٹ آفیسر جامعہ) اصغر احسن اصلاحی صاحب (استاد مدرسہ ابتدائی) عتیق احمد صاحب مرحوم اور ابوالکلام صاحب کے نام بھی قابل ذکر ہیں۔

جب ڈاکٹر صاحب علی گڑھ مسلم یونیورسٹی کے وائس چانسلر مقرر ہوئے تو وہاں ہر طرف دھول اڑ رہی تھی ڈاکٹر صاحب کی توجہ سے نہ صرف عمارتوں کے گرد و پیش میں رنگیں اور شاداب بیلیں لہلہانے لگیں انہوں نے یونیورسٹی کے گوشوں میں گلاب کی کیاریاں لگوائیں اسٹاف کے لوگوں کے لئے بھی اپنے گھر میں گلاب لگوانے کا شوق پیدا ہوا۔ یونیورسٹی میں ہر سال گلابوں کی نمائش کا سلسلہ شروع ہوا جو اب بھی جاری ہے

گلاب کے علاوہ یونیورسٹی میں لوگس ڈیلیا کا بھی کثرت سے رواج ہوا آج بھی ہر طرف اس کی بہار نظر آتی ہے

پروفیسر حبیب الرحمٰن نے لوگس ڈیلیا کے مختلف رنگ تخلیق کئے جن کی شہرت علی گڑھ کے باہر تک جا پہونچی۔ انہوں نے لوگس ڈیلیا کی ایک تخلیق کا نام "ذاکر یاما" رکھا ہے۔

بقول پروفیسر محمد مجیب " یہ کہنا زیادہ صحیح ہوگا کہ زندگی کے ہر موڑ پر انہوں نے شوق کی چیزوں میں کوئی نہ کوئی اضافہ کیا ہے اور ہر شوق معلوم ہوتا تھا کہ پرانا ہے اور اس سے دل بستگی کا سبب یہ ہے کہ انہوں نے خود اسے اپنے لئے منتخب کیا ہے۔ جب کبھی وہ ایک مقام سے گئے ہیں تو وہ اپنی یادگار کے طور پر ایک باغ چھوڑ گئے ہیں۔

۱۹۵۹ء میں ڈاکٹر صاحب بہار کے گورنر مقرر کئے گئے۔ پٹنہ کا راج بھون ان کو تکیہ گاہ لگتا تھا۔ وہ راج بھون ہے جس کی آرائش پر صوبائی حکومت پانی کی طرح روپیہ بہایا کرتی ہے لیکن روپیہ ہی تو تزئین و آرائش کے لئے کافی نہیں ہے۔ اس کے لئے اعلیٰ ذوق اور تجسس بھی ضروری ہے۔ اور یہ خوبیاں ہر ایک کے حصے میں کہاں آتی ہیں۔ ڈاکٹر صاحب جب راج بھون پہنچے ہیں تو سب سے پہلے باغ کی طرف دھیان جاتا ہے اور اپنے ایک یار مددگار محمد اکرام خاں کو خط لکھتے ہیں۔

راج بھون

۱۸ / اکتوبر ۱۹۵۹ء

محبی اکرام صاحب تسلیم!

یہ خط ایک رحمت دیے کو لکھا ہے اور دہلی ذرا مشکل سے ہے۔ میں چاہتا ہوں کہ اب کے جو دہلی آؤں تو وہاں سے کچھ گھاس ساتھ لاؤں۔ کھانے کے لئے نہیں بلکہ لان پر لگانے کے لئے۔ ایک بہت اچھی گھاس نئی دلی میں چلی ہے۔ شاید سعیدہ نے یہاں کے اندر بھی دیکھی ہے سنا ہے یہ نئی گھاس گاندھی سمادھی پر لگی ہے۔ اس کا پتہ یا تو نظام الدین کی پاس والی نرسری میں لگے گا یا پھر گاندھی سمادھی پر اگر آپ میرے آنے تک معلوم کر رکھیں کہ کہاں ملتی ہے اور اس بھاؤ ملتی ہے تو تھوڑی سی اگر گراں ہو، اور ایک بورا اگر سستی ہو تو ساتھ لانا چاہتا ہوں اگر آپ کی مساعی ناکام ہوئیں تو پھر راشٹرپتی بھون کے باغ سے نوچ نوچ کر جیبوں میں بھری ہوگی اس خفیف الحرکتی سے بچنے میں مدد کیجئے۔

مخلص

ذاکر حسین

باغ بانی کا شوق تو بہت سے لوگوں کو ہوتا ہے لیکن یہ شوق محدود دائرے تک رہتا ہے کسی کو پھلوں کے باغات لگانے کا شوق ہوتا ہے کسی کو پھول دار درخت لگانے کا۔ کسی کو گلاب کا، کسی کو نرگس و ڈہلیا کا اور کسی کو موسمی پھول کا۔ ذاکر صاحب کا شوق ان سب سے بلند و بالا ہے۔ ان کو چمن کے ہر حصہ اور مکان کے ہر گوشے سے دلچسپی ہے۔ چنانچہ چند ہی دنوں میں انہوں نے راج بھون کی کایا پلٹ دی۔ نئے سرے سے لان لگائے گئے۔ پھولوں کے لئے نئے انداز سے کیاریاں بنائی گئیں۔ انہوں نے راج بھون کو حسن سے حسین تر بنا دیا۔ ان کے زمانے میں پٹنہ کے راج بھون میں مختلف گلاب کی تین سو سے اوپر قسمیں تھیں۔

دیوگڑھ میں ایک صاحب بھٹاچارجی نامی گلابوں کے بڑے ماہر خصوصی ہیں۔ انہوں نے مختلف گلابوں کے میل سے نئے نئے رنگ تخلیق کئے ہیں، وہ پٹنہ کے راج بھون میں آئے تو ذاکر صاحب کے گلابوں کے شوق کو دیکھ کر بہت متاثر ہوئے چنانچہ پٹنہ سے واپس جا کر انہوں نے اپنی ایک تخلیق کا نام ذاکر حسین رکھا۔

بنگلور میں گروٹن نہایت عمدہ ہوتے ہیں وہاں کے ایک ماہر نے ذاکر صاحب کے پودوں اور پھولوں کے شوق کو دیکھ کر اپنی ایک تخلیق کا نام ذاکر حسین رکھا ہے۔

ہماچل کے سابق گورنر راجہ صاحب بھوری نے جو "گلے ڈولیس" کے بڑے ماہر اور شوقین ہیں۔
اپنی ایک تحقیق کا نام ڈاکٹر حسینؒ رکھا ہے یہ ایک پھول دار درخت ہے جس کے پتے تلوار کی شکل کے ہوتے ہیں۔
ڈاکٹر صاحب کے دوست احباب ان کو تحفے میں پھولوں کے بیج اور پودے لا لا کر دیا کرتے اس لئے کہ
انہیں معلوم تھا کہ ڈاکٹر صاحب کو اس سے جو خوشی ہوتی ہے وہ کسی اور تحفے سے نہیں ہوتی جاپان انگلستان
فرانس، امریکہ اور جرمنی سے بیج اور پودے تحفے میں آتے ایک مرتبہ ڈاکٹر اکرام جمال صاحب نے امریکہ
سے ان کو پودے بھیجنے کے لئے لکھا جواب میں ڈاکٹر صاحب نے تحریر فرمایا۔

" ہاں اپنے ساتھ پودے نہ لایئے اس میں بڑا جھگڑا ہے بیج بھیج دیجئے اور جب آئے
تو درختوں کے بیج لیتے آئیے اگر معلوم ہو سکا کہ کن درختوں کے بیج کارآمد ہوں گے تو لکھوں گا آپ کسی
جاننے والے کو شاملِ مشورہ کر کے انہیں کہیں نہ کہیں سے حاصل کر لیجئے گا جامعہ میں ایک ایونیو کے لئے
پود تیار ہو جائے گی پھر لوگ اسے جلا کر مار تو دیں گے کیا عجب کوئی نہ کوئی سخت جان بچ نکلے اور بہار
دے جائے اس وقت جب کسی کو یاد بھی نہ ہوگا کہ کون لایا تھا اور کس نے لگایا تھا یہ بھی ایک زندگی ہے"

نائب صدر جمہوریہ ہند کی حیثیت سے ڈاکٹر صاحب کوٹھی نمبر ۶ مولانا آزاد روڈ نئی دہلی میں رہے اس
کوٹھی میں پہنچتے ہی ڈاکٹر صاحب نے اس کی کایا پلٹ دی LAYOUT بدل دیا، مکان کی آرائش اور
سجاوٹ بدل دی، گملے رکھنے کے لئے TERRACES سوائے باغ اور لانوں کی نئے سرے سے
تختہ بندی کی گئی غرض چند ہی مہینوں میں کوٹھی کا حلیہ ہی بدل دیا۔

معلومات حاصل کرنے میں بھی ڈاکٹر صاحب کا جواب نہیں تھا۔ آپ ایک ماہرین سے لے کر ایک
معمولی آدمی تک سے معلومات حاصل کرنے سے نہیں جھجکتے تھے جب کسی غیر ملک جاتے تو سب سے پہلے
یہ معلوم کر لیتے کہ وہاں کے کون سے درخت، پھول اور بلب BULBS مشہور ہیں نائب صدر کی
حیثیت سے ان کی جن غیر ملکی نمائندوں سے ہوتی رہیں وہ اکثر یہ دیکھ کر بہت خوش اور متاثر ہوتے کہ ڈاکٹر
ذاکر حسین کو ان کے یہاں کے پھولوں، درختوں، پتھروں کے بارے میں ایسی باتیں معلوم ہیں جن کو وہ
خود نہیں جانتے۔

ایک مرتبہ وہ ٹیونس گئے بحیثیت نائب صدر ان کا جلوس ایک راستہ سے گزر رہا تھا راستہ
کے دونوں طرف انار کے پیڑ تھے خوبصورت درخت لگے دیکھے آپ وہیں رک گئے اور جب تک
انار کی اس قسم کی کاشت اور دیکھ بھال کے طریقے وغیرہ نہ جان لئے آگے نہ بڑھے۔
نائب صدارت ہی کے زمانہ میں ڈاکٹر صاحب مصر تشریف لے گئے صدر جمال عبدالناصر کے محل

میں ان کا قیام تھا۔ محل میں یوکلپٹس کے خوب صورت درخت ذاکر صاحب کو بہت پسند آئے انہوں نے صدر ناصر سے ان درختوں کے تھوڑے سے بیجوں کی فرمائش کی صدر ناصر نے انہیں ایک کلو عمدہ بیج پیش کر دئے۔ ہندوستان واپس آ کر انہوں نے آدھے بیج اسی کوٹھی کے لئے رکھے اور آدھے ابوالکلام صاحب کو دے دئے اور کہا کہ ان کو اگائیے اور پودے لوگوں میں تقسیم کیجئے تاکہ جامعہ میں پھیلیں۔ چند ماہ بعد کرنل بشیر حسین زیدی صاحب ذاکر صاحب کے ہاں گئے تو انہوں نے اپنے یوکلپٹس کے پودے دکھائے اور بتایا کہ آدھے بیج میں نے کلام صاحب کو دئے تھے معلوم نہیں ان کے پودے کیسے ہوئے۔ زیدی صاحب نے کہا کہ ان کے پودے آپ سے بہتر ہو گئے ہیں واپسی پر زیدی صاحب کلام صاحب کے پاس گئے اور کہا بھئی ذرا اپنے یوکلپٹس کے پودے تو دکھائیے میں نے تو ذاکر صاحب سے تعریف کر دی ہے کلام صاحب نے مسکرا کر کہا حضور وہ تو بوئے ہی نہیں دکھاؤں کہاں سے؟ وجہ یہ تھی کہ کلام صاحب کو معلوم نہیں تھا کہ اُن کو کیسے اور کس موسم میں بویا جائے اور ڈرتے تھے کہ اگر پودے ٹھیک نہ ہوئے تو ذاکر صاحب بازپرس کریں گے۔ ذاکر صاحب کی عادت تھی کہ وہ تفصیل سے ہر پودے کے بارے میں معلوم کرتے وہ کام دے کر بھولتے نہیں تھے بلکہ مستقل نظر رکھتے تھے اور مشورہ دیتے رہتے تھے۔

راشٹرپتی بھون پہنچ کر حسب عادت سب سے پہلے توجہ مغل گارڈن کی طرف دی۔ ذاکر صاحب کے زمانہ میں مغل گارڈن میں گلاب کی ۱۰۰ اہم قسمیں اور ان کے چار ہزار عمدہ پودے تھے گلاب کا پھول ذاکر صاحب کی جان تھا لیکن ان کو دوسرے پھول بھی پسند تھے انہوں نے مغل گارڈن گرین ہاؤس میں ORCHIDS اور TULIPS لگوائے۔ ان کے ایرکنڈیشنڈ دارالمطالعہ میں ORCHIDS کا ایک گملا رکھا رہتا تھا۔ وہ اکثر افسوس کے ساتھ کہا کرتے تھے دہلی کی آب و ہوا ORCHIDS کے لئے مناسب نہیں انہوں نے مغل گارڈن میں نوگن ویلیا، بیل والے پودے اور پھول دار درخت اس طرح لگوائے تھے کہ راشٹرپتی بھون میں سال بھر رنگ برنگے پھول کھلے رہتے تھے۔ ذاکر صاحب کے زمانہ میں راشٹرپتی بھون میں کیکٹس کی ۲۷ قسمیں تھیں ان سے پیشتر وہاں کیکٹس کو کوئی جگہ نہیں ملی تھی۔ ذاکر صاحب نے میکسیکو اور الجیریا جیسے دور دراز ملکوں سے کیکٹس کی نایاب قسمیں منگائیں۔

ذاکر صاحب حسن کے شیدائی تھے پھول، پتھر، آرٹ، زندگی، ہر چیز میں اس کے متلاشی رہتے بدنمائی اور بگاڑ کو ان کے دل نے کبھی قبول نہ کیا وہ کہا کرتے تھے اگر کوئی کام اس لائق ہے کہ کیا جائے تو وہ اس لائق بھی ہے کہ سلیقے سے کیا جائے حسن کا ایسا پرکھنے والا اس دنیا میں بہت کم ہوتا ہے۔

ڈاکٹر صاحب — ایک یاد

انور معظم

گرم رَو بادِ فنا ہے از کراں تا کراں
تو نے اس بادِ فنا میں بھی جلائے ہیں چراغ
تیری خوشبو سے مہکتی ہیں فضائیں درد کی
تیری مستی سے چھلکتے ہیں دلوں کے ایاغ

تیرے اشکوں سے لہکتی ہے ابھی کشتِ نجوم
تیری سانسوں سے مہکتا ہے گلابوں کا وطن
بے بسی کی سرسیہ دیوار پر شعلوں کا رقص
اک چراغِ عزم ہے یہ تیرے چہرے کی تھکن

تو نے بخشی ہے لبوں کو دولتِ تشنہ لبی
کاسۂ چشمِ تمنا کو دیئے ہیں تو نے خواب
سایۂ دیوار بن جاتے ہیں غم کی دھوپ میں
تیری آوازوں کے سائے تیرے خوابوں کے سحاب

پھول سے کھلتے چلے جاتے ہیں آنکھوں میں تمام
یاد کی دہلیز پر یہ کون رکھتا ہے قدم
اک حریفِ ساز و ساماں۔ اک قتیلِ جستجو
اک امینِ دردِ انساں اک سراپا چشمِ نم

دل کے آنگن میں یہ کون آتا ہے شبنم کی طرح
آنسوؤں کی چاندنی خوابوں کی رعنائی لئے
اپنی آنکھوں میں بسائے شعلۂ فردا کی لَو
اپنے ہاتھوں میں چراغِ شامِ تنہائی لئے

تیری یادوں سے دیارِ جاں یونہی روشن رہے
تیری خوشبو سے معطر رُوح کا دامن رہے

شخصیت جو عظیم تھی

محمد اخلاق قاسمی (بی ایڈ)

ذاکر صاحب کی شخصیت سے ہر ہندوستانی عموماً اور تعلیم یافتہ ہندوستانی خصوصاً واقف ہے وہ کسی تعارف کے محتاج نہیں ان کا نام لیتے ہی ذہن میں ایک عظیم شخصیت کا تصور اُبھرتا ہے وہ ان گنے چنے لوگوں میں سے ایک تھے جنہیں قدرت نے صورت و سیرت، دل و دماغ، شرافت اور دیانت، دوستی اور قیادت جیسی انمول اور گرانمایہ صفات سے نوازا تھا۔ وہ گلاب کے پھول یا شب ماہتاب کے مانند تھے جن کی فطرت میں ہی خوشبو دینا اور روشنی پھیلانا ہوتا ہے ان میں وہ صفات ودیعت کی گئی تھیں جن کا جلوہ ہمیں کبھی کبھی خاصان خدا میں نظر آتا ہے

لیکن ان سب خوبیوں اور صلاحیتوں کے باوجود وہ اپنے لئے پیشہ تعلیم اختیار کرتے ہیں کیوں، جب کہ وہ جانتے تھے کہ اس پیشہ میں صبر اور ایثار کی ضرورت ہے۔ انسان دوستی اور جذبہ خدمت کی ضرورت ہے اور نفس کو مار کر محنت اور مشقت کرنے کی ضرورت ہے اس کی وجہ محض یہ تھی کہ انسانی خصوصیت، جس سے وہ عالم پر فائق و برتر ہے، علم محض یا عبادت محض نہیں بلکہ اس کی خصوصیت تعلیم و تلقین ہے، وہ جانتے تھے کہ جتنے بھی پیغمبران ہدایت اور مصلحین گذرے ہیں انہوں نے یہی تبلیغ اور معلمی کا پیشہ اختیار کیا ہے وہ جانتے تھے کہ انسان زمین پر خدا کا نائب بھی ہے اور قائم مقام بھی انہیں نائب خدا ہونے کی حیثیت سے ان ذمہ داریوں کا احساس بھی تھا اور ان ذمہ داریوں سے عہدہ برآ ہونے کی کوشش بھی کرتے تھے بلکہ یوں کہا جائے تو بے جا نہ ہوگا کہ ان ذمہ داریوں سے عہدہ برآ ہونے کی کوشش کرنا وہ عین دین سمجھتے تھے وہ جانتے تھے کہ معلم کا خاموش اور سخت جان کام قوموں کے عروج و صعود میں کیا مقام رکھتا ہے انہیں اپنی قوم سے محبت بھی اس سے لگن بھی اس کی خدمت کو وہ اپنے لئے فخر اور اس کی ترقی کو اپنے لئے باعث فخر سمجھتے تھے اقبال کے الفاظ میں وہ ایک مرد مومن تھے ان کی زندگی زمانہ با تو نہ سازد تو با زمانہ ستیز سے لبریز بھی تھی اور معمور بھی۔

ڈاکٹر صاحب دین و دنیا دونوں کو ضروری سمجھتے تھے ان کے نزدیک دنیا کی حقیقت و ماہیت فلسفہ عدمی پر مبنی ہے۔

چیست دنیا از خدا غافل بودن
نے قماش و نقرہ و فرزند و زن

اسی لئے وہ اپنی قوم کے لئے وقت کی ضرورت کے مطابق ان تمام علوم و فنون کی تحصیل ضروری سمجھتے تھے جن کی مدد سے اس دنیا کو سنوارا جا سکتا ہے۔ اسے ترقی دی جا سکتی ہے ہاں وہ مذہبی حق تلفی، حیات اور مذہب کو باعث ننگ و عار اور گناہ عظیم سمجھتے تھے ان کا عقیدہ تھا کہ اللہ نے انسان کو صرف عبادت کے لئے ہی پیدا نہیں کیا۔ عبادت کے لئے فرشتے ہی کیا کم تھے۔ آدم کی تخلیق تو اس اہم اور ضروری مقصد کی تکمیل کے لئے ہوئی ہے۔ کہ وہ اس دنیا کو بھی ترقی کی معراج تک لے جائے اور خدا سے اپنا رشتہ استوار رکھ کر آخرت کو بھی سنوارے، ایسی درمیانی راہ کو ڈاکٹر صاحب نے جامعہ میں اختیار کیا اور اس لئے انہوں نے جامعہ کو کسی سیاسی پارٹی سے وابستہ نہیں کیا کیونکہ پارٹی بندی جیسی اور انفرادیت کے بجائے اطاعت اور پیروی چاہتی ہے اسے حق سے زیادہ اطاعت کی تلاش ہوتی ہے اور ڈاکٹر صاحب طاقت کو حق کا غلام اور بندہ تصور کرتے ہیں۔

ڈاکٹر صاحب نے ہندوستانی مسلمانوں کو تلقین کی کہ وہ اپنی گذشتہ تاریخ کے پیش نظر ملک کی سماجی اور سیاسی خدمات میں پیش پیش رہ کر دنیا میں جہاں بھی کہیں ظلم و جہالت اور بے انصافی ہو اسے دور کرنا اپنا قومی اور ملی فریضہ سمجھیں مذموم فرقہ واریت یہی نہیں کہ ایک مذہب کے پیروکار دوسرے مذہب کے ماننے والوں کو برا سمجھیں ان کا برا چاہیں اور ان کے مٹانے کی کوشش کریں۔ بلکہ فرقہ واریت کی ایک قسم یہ بھی ہے کہ ایک علاقے کے لوگ دوسرے علاقے کے لوگوں کا استحصال کریں یا ایک پیشہ کے افراد دوسرے پیشہ والوں پر اپنی برتری جتائیں یہ اور اس طرح کی صنعتی تفریقیں وحدت انسانی کو پارہ پارہ کر دیتی ہیں وہ سب کی سب لائق نفرت فرقہ پرستی ہی کی قسمیں ہیں اور ان سب کا مٹانا انسان کا اولین فریضہ ہے کیونکہ یہ وہ متعدی بیماری ہے جو انسانی برادری میں طرح طرح کی برائیوں کو جنم دیتی ہے اس کی ترقی کی راہ میں روڑے اٹکاتی ہے اس کی تہذیب کو پھلنے اور سنورنے کا موقع نہیں دیتی اور ہمیشہ اسے تباہی و بربادی کی طرف لے جاتی ہے۔ اس لئے انہوں نے جامعہ کی تعلیم کا اولیں مقصد ہی نوع انسان کی خدمت قرار دیا ہے کیونکہ ان کے نزدیک رواداری اور انصاف کی تلقین اچھی تعلیم کا سب سے اہم مقصد ہے اقبال نے اسی بات کو اس طرح بیان کیا ہے ؎

مشرق سے ہو بیزار نہ مغرب سے حذر کر
فطرت کا اشارہ ہے کہ ہر شب کو سحر کر

ڈاکٹر صاحب جرمنی سے واپسی پر اسی مشن کی تکمیل میں مصروف ہو گئے اور انہوں نے جامعہ بلکہ کی سوکھتی ہوئی بیل کی آبیاری شروع کر دی ۱۹۲۷ء میں حکیم اجمل خاں کے انتقال کے بعد جامعہ چلاتے رہنا قریب قریب ناممکن ہو گیا تھا کیونکہ وسائل کے فقدان اپنوں کی مخالفت اور غیروں کی شماتت کے ہوتے ہوئے جامعہ کا چلانا ہر ایک کا کام نہیں تھا یہ کام صرف وہی شخص کر سکتا تھا جسے خدا پر خود پر اور انسان پر پکا اعتماد ہو ڈاکٹر ذاکر حسین میں یہ تمام صفات بھرپور موجود تھیں اس نے جامعہ کے سفینے کو غرق ہونے سے ہی نہیں بچایا بلکہ اسے اس ساحل پر لگایا جسے دیکھ کر مسلم قوم کا سر فخر سے اونچا ہے

۱۹۴۷ء کے بعد ملک آزاد ہوا اور دو حصّوں میں تقسیم ہو گیا اس تقسیم سے جہاں بہت سے نئے مسئلے پیدا ہونے وہیں بہت سے پرانے مسئلے اور پیچیدہ ہو گئے ان مسائل میں ایک مسئلہ مسلم یونیورسٹی کا تھا تقسیم ملک کے بعد مسلم یونیورسٹی کا مستقبل تاریک تھا لیکن حکومت وقت نہیں چاہتی تھی کہ اس ادارے کے مستقبل کو کسی طرح کا گزند یا نقصان پہنچے اس لئے اسے ایسے شخص کی تلاش تھی جو آڑے وقت میں اس ادارے کی باگ ڈور سنبھالے ڈاکٹر صاحب تعمیر جامعہ میں اپنی بھرپور صلاحیتوں کا مظاہرہ کر چکے تھے لہٰذا حکام وقت کی نظر انتخاب نے انہیں چن لیا اور مسلم یونیورسٹی کی باگ ڈور ان کے ہاتھوں میں دے دی گئی۔ ڈاکٹر صاحب نے یونیورسٹی کی بھرپور خدمت کی اور جہاں تک ان سے بن پڑا ناامیدی میں امید نے دلی میں ولولہ بدنظمی میں نظم اور تاریکی میں نور پیدا کر کے انہوں نے طلباء اور اساتذہ میں وہی جوش اور اُمنگ پیدا کر دی جو ۱۹۴۷ء سے پہلے تھی اور مجاز کے ترانہ کی صدائے بازگشت پھر یونیورسٹی کی فضاؤں میں گونجنے لگی اور ناہید و پروین سے منقطع رشتے پھر استوار ہو گئے۔

اس فرش سے ہم نے اُڑ اُڑ کر افلاک کے تارے توڑے ہیں
ناہید سے کی ہے سرگوشی پروین سے رشتے جوڑے ہیں
جو ابر یہاں سے اٹھے گا وہ سارے جہاں پر برسے گا
خود میرے جہاں پر برسے گا غیروں کے جہاں پر برسے گا

ان رشتوں کو استوار کرانے والے تھے ڈاکٹر صاحب جنہوں نے اس چیلنج کو قبول کیا تھا جس کے قبول کرنے سے اس وقت کے تمام ممتاز ماہر تعلیم لوگوں نے انکار کر دیا تھا۔

ڈاکٹر صاحب میں خلوص، ذاتی کشش اور فہم و فراست تھی یہ تینوں غیر معمولی باتیں جب انسان میں جمع

ہوجاتی ہیں تو وہ جس کام کو ہاتھ میں لیتا ہے اسے بحُسن وخوبی انجام دیتا ہے انھوں نے اپنی ان صفات کی مدد سے اپنے گورنری کے عہدے کے فرائض کو بخوبی انجام دیا اور ساتھ میں لوگوں کے دلوں کو بھی موہ لیا وہ سعدی کے اس قول کے قائل بھی تھے اور عامل بھی

دل بدست آور کہ حج اکبر است

صد ہزاراں کعبہ یک دل بہتر است

۱۹۶۲ء میں وہ ہند کے نائب صدر اور راجیہ سبھا کے چیرمین مقرر کئے گئے یہ کام ان کے گذشتہ کاموں سے مختلف بھی تھا اور متضاد بھی یہ ایک ایسا آرائشی عہدہ ہوتا ہے کہ جس میں صدر کی عدم موجودگی میں کرسی صدارت پر بھی جلوہ افروز ہونا پڑتا ہے راجیہ سبھا کی صدارت بہت مشکل اور تھکا دینے والا امر ہے۔ راجیہ سبھا کی مثال ہمیشہ موجیں مارتے ہوئے سمندر کی سی ہوتی ہے یہاں ہر وقت حملے ہوتے ہیں، پھر جوابی حملے ہوتے ہیں طرح طرح کی رسہ کشی ہوتی ہے یہاں ہر وقت صدر کی ذہانت و فراست کا امتحان لیا جاتا ہے اور اس کی قوت عدل کی آزمائش ہوتی ہے ذاکر صاحب اپنے اس امتحان میں بھی فائز المرام رہے شاید ذاکر صاحب نے اپنے اس عمل میں ہادی اعظم کی مثال بطور نمونہ رکھی تھی جو انھوں نے حجر اسود نصب کرتے وقت دو مخالف گروہوں میں تصفیہ کرا کر خراج تحسین حاصل کیا تھا لہذا جب ذاکر صاحب راجیہ سبھا کی صدارت سے سبکدوش ہوئے تو ان کی خدمات کا تمام پارٹیوں نے اعتراف کیا اور انھیں خراج عقیدت پیش کیا

اس کے بعد وہ ملک کی صدارت عظمیٰ کے لئے منتخب کئے گئے یہ انتخاب اگر ایک طرف ان کے ممتاز اور ہر دل عزیز ہونے کا اعتراف تھا تو دوسری طرف اس بات کا اعلان بھی تھا کہ ان میں قوم کی نمائندگی کرنے کی خصوصیت موجود ہے۔

آں نہ من باشم کہ روز جنگ بینی پشت من

آں منم کاندر میاں خاک و خوں بینی سرے

الغرض ذاکر صاحب اپنی مثال آپ تھے ایسے جامع صفات اشخاص خال خال ہی نظر آتے ہیں وہ مقرر بھی تھے اور مصنف بھی ماہر تعلیم بھی اور ماہر اقتصادیات بھی شفیق دوست بھی اور عظیم قائد بھی وہ میر کارواں کی نگہ بلند، سخن دل نواز اور جان پُرسوز کے حامل بھی تھے افسوس کہ انھوں نے ایسے وقت انتقال کیا جبکہ ملک، قوم اور جامعہ کو ان کی اشد ضرورت تھی۔

ڈاکٹر ذاکر حسین ـــــ ایک ادیب

عبدالغفار راشد (بی۔ایڈ)

ڈاکٹر ذاکر حسین کی شخصیت منفرد اور جامع صفات تھی۔
وہ نہ صرف ایک بلند پایہ مفکر اور ایک بیدار مغز سیاست داں ہی تھے بلکہ ایک جادو بیاں مقرر اور ایک صاحب اسلوب انشاپرداز بھی تھے۔ قدرت نے انہیں تصنیف و تالیف کی بہترین صلاحیتیں عطا کی تھیں۔ مگر قومی فرائض کی ادائیگی نے انہیں وہ فرصت نہ دی جو تالیف و تصنیف کے لئے بہت ضروری ہے۔ جامعہ کی معلمی کے بعد علی گڑھ کی قیادت بہار کی گورنری، راجیہ سبھا کی چیرمینی اور پھر جمہوریہ ہند کی صدارت جیسے عظیم منصوبوں پر فائز رہے اور انہیں فرض سمجھ کر انجام دیتے رہے لیکن ان تمام مصروفیات کے باوجود جب بھی انہیں موقع ملا ہمارے علم و ادب میں بیش بہا اضافے کئے۔
ڈاکٹر ذاکر حسین ایک صاحب طرز ادیب تھے لیکن پیشہ ور نہیں تھے۔ انہوں نے جو کچھ لکھا وہ ضرورتاً ہی لکھا ہے لیکن ان کی ایک ایک سطر میں ان کا مخصوص اور منفرد طرز نگارش ہے جو عجیب جادو جگاتا ہے۔ اور ان کی اس خصوصیت کو بڑے بڑے پیشہ ور ادیب اور نقاد بھی نہیں پہنچ سکے جنہوں نے ادب ہی کے لئے عمریں گنوائی ہیں۔ انہوں نے اپنی تحریروں میں اپنی شخصیت کا رچاؤ سمو دیا ہے ان کی نثر سادہ مگر اتنی ہی دل آویز اور تخلیقی جوہر سے مالا مال بھی ہوتی ہے ان کی تحریروں میں ہیرے کی طرح ترشے ہوئے خیالات، گہری بصیرت، حکیمانہ نظر اور حسن کاری کا گہرا نقشہ ہوتا ہے بقول آل احمد سرورؔ "ڈاکٹر ذاکر حسین کے یہاں ایک مفکر کی تابانی فکر، ایک معلم کی شفقت و مرحمت، ایک عاشق کا سوز و گداز، ایک مدبر کا وزن و وقار، ایک صوفی کی درویشانہ شان اور ایک مہاتما کی سی معصومیت، سب کا جلوہ نظر آتا ہے ـــــ ان کے یہاں علم صرف معلومات کا خزانہ ہی نہیں انسانیت کے اعلیٰ اقدار کی خدمت کا وسیلہ بھی ہے۔"
اس میں شک نہیں کہ ایک طرف گاندھی جی کی حق بینی حق شناسی، حق کوشی اور ہمہ گیر انسانیت

کی آنچ سے اگر کچھ سونے کو کندن بنایا تو دوسری طرف حکیم اجمل خاں کے خلق و مروت، صبر و علم نے اس پر جلا دی۔

ڈاکٹر ذاکر حسین نے اپنی بے نظیر صلاحیتوں سے بہت سے کام لئے۔ انہوں نے مختلف موضوعات پر مختلف زاویوں سے روشنی ڈالی ہے۔ بہت سی انگریزی کتابوں کے تراجم کئے، خطبات لکھے اس کے علاوہ بچوں کے لئے کہانیاں اور ڈرامے لکھے جو بہت مقبول ہو چکے ہیں۔

ڈاکٹر ذاکر حسین کا اصلی کارنامہ جس نے ان کی ادبی زندگی کو زندہ جاوید بنا دیا ہے وہ افلاطون کی شہرۂ آفاق تصنیف "ریاست" یا "تحقیق عدل" کا اردو ترجمہ ہے اس ترجمہ کی بڑی اور بنیادی خوبی یہ ہے کہ یہ ترجمہ نہیں معلوم ہوتا بلکہ ذاکر حسین کی ذہنی اپچ معلوم ہوتا ہے۔ یہ ترجمہ نہایت سلیس، شستہ اور رواں زبان میں کیا ہے اس پر مقدمہ بھی لکھا ہے جس میں افلاطون کے تمام پہلوؤں سے اردو دنیا کو روشناس کرا دیا ہے مقدمہ میں ان کی زبان اس قدر پُرمغز، جاندار اور شگفتہ ہے کہ پڑھنے والا لطف اندوز ہوئے بغیر نہیں رہ سکتا اس میں افلاطون کے نظریات کو بھی پیش کیا گیا ہے افلاطون کے نزدیک انسان محض انفرادی حیثیت نہیں رکھتا بلکہ اپنی صلاحیتوں کو کمال کے درجہ تک پہنچانے کے لئے کسی جماعت، کسی ریاست کی ترکیب کا محتاج ہوتا ہے اچھا آدمی اچھی ریاست میں ہی پیدا ہو سکتا ہے اس سے ذاکر حسین کی طبیعت کے مخصوص رنگ کا بھی پتہ چلتا ہے کہ وہ علم کو ہنرمندی کا ذریعہ نہیں سمجھتے بلکہ انسانیت کی خدمت کا ایک وسیلہ قرار دیتے ہیں۔ مقدمہ کے مطالعہ سے معلوم ہوتا ہے کہ ڈاکٹر ذاکر حسین افلاطون کے بعض بنیادی خیالات سے متفق نظر آتے ہیں۔ وہ افلاطون کے اس خیال کی بھی تائید کرتے ہیں کہ تعلیم درحقیقت ریاست کا کام ہے۔ بہرحال اس کتاب سے ایسا محسوس ہوتا ہے کہ افلاطون کوئی بات نہیں کہہ رہا بلکہ ذاکر صاحب خود بول رہے ہیں اس کتاب کی زبان اور انداز بیاں اتنا دلکش ہے کہ اردو میں ایسی مثال مشکل ہی سے ملے گی۔

ڈاکٹر ذاکر حسین کا خاص مضمون جس میں انہوں نے برلن یونیورسٹی سے پی۔ ایچ۔ ڈی کی ڈگری حاصل کی معاشیات ہے انہوں نے اُردو میں معاشیات کے مسائل کو علمی مگر شگفتہ انداز میں بیان کیا ہے۔ "معاشیات ـــــــ مقصد اور منہاج" ویسے تو یہ ایک چھوٹی سی کتاب ہے مگر اس میں معیاری، ترتیبی اور اجتماعی معاشیات کے تمام بنیادی اصول نہایت دلکش اور دلنشین اسلوب میں بیان کر دیئے گئے ہیں انہوں نے ادبی دنیا پر یہ بات واضح کر دی کہ نہایت پیچیدہ اور ادق علمی مسائل کو سلیس اور سادہ زبان میں بیان کیا جا سکتا ہے۔

اس کے علاوہ انہوں نے معاشیات پر بہت سے مغربی مفکروں کے خیالات کا ترجمہ بھی کیا ہے مگر اس کتاب کی اہمیت اپنی جگہ مسلّم ہے۔

ڈاکٹر ذاکر حسین کو تحریر و تقریر پر حیرت انگیز قدرت حاصل تھی جس کا ثبوت ان کے وہ "تعلیمی خطبات" ہیں جو انہوں نے مختلف اوقات میں لکھے تھے اور جو ان کی مستقل تصانیف پر بھی بھاری ہیں ان خطبات کی نمایاں خوبی یہ ہے کہ اس میں زبان کی روانی اور بیان کی قدرت موجود ہے اور بقول پروفیسر مجیب "قدرتی استعداد نے زبان کو اپنا خادم بنا کر اس میں وہ خوبیاں پیدا کر دی ہیں جو ادیبوں کی تحریروں کو برسوں کی مشق اور محنت کے بعد نصیب ہوتی ہیں" حقیقت یہ ہے کہ ذاکر صاحب نے جب بھی کچھ لکھا ہے تو اس میں اپنے خلوص، دل سوزی اور سماجی شعور کی وجہ سے الفاظ میں ایسی موتی جیسی بھر دی ہیں جس کی وجہ سے الفاظ میں آب و تاب پیدا ہو گئی ہے۔ اور جس سے انسانوں کی زندگی بدلتی، سنورتی اور نکھرتی ہے۔ ان خطبات کی دوسری خوبی یہ ہے کہ ان کا انداز تقریر کا ہے تحریر کا نہیں اور کہیں کہیں خطابت بھی ابھر کر دکھائی دیتی ہے۔ ان خطبات میں ذاکر حسین نے تعلیم کے مختلف پہلوؤں پر جس طرح اظہار خیال کیا ہے اس سے ان کے سماجی شعور، بالغ نظری، نفسیاتی ژرف بینی اور حب الوطنی کا حیرت انگیز ثبوت ملتا ہے مجموعی طور پر ذاکر صاحب کا مقصد ہمیں سچی تعلیم سے روشناس کرانا اور علم کی روشنی سے مالا مال کرنا تھا ڈاکٹر ذاکر حسین نے اپنے ایک خطبے میں اچھے استاد کا جو نصب العین پیش کیا ہے۔ اس میں ان کے خیالات کی اہمیت کے ساتھ ساتھ ان کے طرز نگارش کی دل کشی پر بھی روشنی پڑتی ہے۔

"استاد کی کتاب زندگی کے سرورق پر علم نہیں لکھا ہوتا، محبت کا عنوان ہوتا ہے۔ اسے انسانوں سے محبت ہوتی ہے، سماج سے محبت ہوتی ہے۔ اچھے استاد کی جذباتی زندگی میں وسعت بھی ہوتی ہے اور گہرائی بھی اور پائیداری بھی اس کی روح میں حق و صداقت حسن و جمال، نیکی اور تقدس، انصاف اور آزادی کے مظاہر کی گرمی ہوتی ہے، جس سے وہ دوسرے دلوں کو گرماتا ہے اور جس میں تپا تپا کر اپنے شاگردوں کی سیرت کو نکھارتا ہے، اچھے استاد میں اہل قوت اور حکمرانوں کی سیرت کا ایک ذرہ بھی نہیں ہوتا اس میں اور ان میں زمین آسمان کا فرق ہے، حکمراں جبر کرتے ہیں اور یہ صبر کرتا ہے، وہ مجبور کر کے ایک راہ پر چلاتے ہیں اور یہ آزاد چھوڑ کر ساتھ لیتا ہے، ایک کے وسائل ہیں تشدد اور زبردستی، دوسرے کے محبت اور خدمت، ایک کا کہا ڈر سے مانا جاتا ہے، دوسرے کا شوق سے، ایک حکم دیتا ہے، دوسرا مشورہ، وہ غلام بناتا ہے، یہ ساتھی، جب ساری دنیا مایوس ہو جاتی ہے تو بس دو آدمی ہیں جن کے سینے میں امید باقی رہتی ہے، ایک اس کی ماں دوسرا اچھا استاد۔"

مندرجہ بالا اقتباس میں ذاکر حسین کے طرز تحریر کی سادگی اور روانی ایسی نکتہ سنجی، نکتہ آفرینی اور خلوص کے ساتھ موجود ہے جا بجا دلکش ترکیبیں اور دل میں اُتر جانے والے مُرصّع فقروں میں جذبات کا طوفان موجزن ہے۔ فکر انگیز خیالات میں ان کی شخصیت ایسی پوری توانائی کے ساتھ موجود ہے صداقت اور بے باکی نے ان کی تحریر کو پُر تاثیر بنا دیا ہے ان کی خطابت اور اثر آفرینی کی بہترین مثال وہ خطبہ ہے جس میں انہوں نے بنارس کے فارغ التحصیل طالب علموں کو خطاب کیا تھا،

"تم جس دیس میں یہاں سے نکل کر جا رہے ہو، وہ بڑا بدنصیب ملک ہے وہ غلاموں کا ملک ہے، بے رحموں کا ملک ہے، ظالمانہ رسموں کا ملک ہے، عاطل بیکاروں کا ملک ہے، بھائی بھائی میں نفرت کا ملک؛ بیماریوں کا ملک ہے سستی کا ملک ہے، افلاس اور ناداری کا ملک ہے، بھوک اور مصیبت کا ملک ہے، غرض بڑا کم بخت ملک ہے۔ لیکن کیا کیجئے تمہارا اور ہمارا ملک ہے۔ اسی میں جینا ہے اور اسی میں مرنا ہے۔ اس لئے یہ ملک تمہاری ہمتوں کے امتحان تمہاری قوتوں کے استعمال اور تمہاری محنت کی آزمائش کی جگہ ہے ممکن ہے کہ آپ کا جی چاروں طرف اتنی تباہی، اتنی مصیبت اتنا ظلم دیکھ کر بے صبری میں یہ چاہو کہ اس میں بسنے والی سماج ہی کو ختم کر دو اور برباد کر ڈالو، اس لئے کہ اس میں سدھار کی کوئی صورت نہیں۔ تمہیں اختیار ہے مگر اپنے بھائی کی رائے سن لینے میں کیا نقصان ہے ـــــ قومی زندگی کا کون سا شعبہ ہے جس میں پہلے سے تباہی کا دور دورہ نہیں ہے؟ ـــــ میں سمجھتا ہوں کہ ہمیں بگاڑنا اتنا نہیں ہے جتنا کہ بنانا ہے ہمارے دیس کو ہماری گردنوں کے خون کے دھارے کی ضرورت نہیں ہے ـــــ ضرورت ہے کام کی، خاموش اور سچے کام کی ـــــ اس میں تھکن بھی زیادہ ہے اور قدر بھی کم ہوتی ہے، جلدی نتیجہ بھی نہیں نکلتا، ہاں کوئی دیر تک صبر کر سکے تو ضرور پھل میٹھا ملتا ہے۔"

مندرجہ بالا اقتباس میں ڈاکٹر ذاکر حسین کے انداز بیان میں خطیبانہ شان موجود ہے لیکن اس میں آورد اور تصنع کا نام نہیں ہے بلکہ فکر میں سموئی ہوئی سچی جذباتی کیفیت ظاہر ہوتی ہے۔ ان کی تحریروں میں خلوص کے ساتھ جوش اور ولولہ، تازگی اور قوت ہے جو ان کی شخصیت کا عطیہ ہے وہ جو کچھ کہنا چاہتے ہیں فطری انداز میں کہہ دیتے اور خوبی یہ ہے کہ مضمون کی نوعیت کے مطابق ہی ایسا طرز بیان اختیار کرتے ہیں۔ اور ویسے ہی الفاظ لاتے ہیں جو ان کی تحریر و تقریر میں یکساں زور اور تاثیر پیدا کر دیتے ہیں۔

ڈاکٹر ذاکر حسین نے ایک مفکر اور معلم کی حیثیت سے بچوں کی تعلیم کو خصوصی توجہ کا مستحق سمجھا کیونکہ اس سے پہلے بچوں کے ادب کی طرف توجہ نہیں دی گئی تھی لہذا انہوں نے خود بچوں کی تعلیم اور ان کے مسائل سے متعلق بہت سی کہانیاں لکھیں، ان کہانیوں کی زبان بچوں کی ہے اور موضوعات بھی بچوں کی پسند کے لیکن

بات اتنی گہری کہہ جاتے ہیں کہ بڑے بھی ان کو پڑھ کر سوچنے پر مجبور ہو جاتے ہیں۔ جب ذاکر حسین نے کہانیاں لکھنا شروع کیں اس وقت آزادی کی جدوجہد زوروں پر تھی لہذا ان کی کہانیوں میں بھی اس کی بازگشت سنائی دیتی ہے۔ "ابو خاں کی بکری" آزادی کی سچی لگن پیدا کرتی ہے اور اس سے قربانی کا درس ملتا ہے۔ اسی طرح "عقاب" بھی جذبۂ آزادی کو ابھارتی ہے۔ اور غلامی کی زنجیروں کو توڑنے پر آمادہ کرتی ہے۔ "آؤ گھر گھر کھیلیں" میں قومی یکجہتی اور جذباتی ہم آہنگی کی جھلک دکھائی دیتی ہے۔ "ماں" "چھڈو" "نوری جو کھڈھاں سے نکل بھاگی" "مرغی جو احمیر چلی" "کچھوا اور خرگوش" وغیرہ ایسی کہانیاں ہیں جس میں کوئی نہ کوئی اخلاقی درس دیا گیا ہے۔ ان ظاہری محاسن کے ساتھ ساتھ ان میں معنوی خوبیاں بھی ہیں کہانیوں کی زبان سلیس اور سادہ ہے قدرتی طرزِ بیان ہے جیسے کسی سے باتیں ہو رہی ہوں بچوں کی نفسیات کو دیکھتے ہوئے طرزِ بیان موزوں ہے۔ یہ کہانیاں اتنی دلچسپ ہیں کہ جوان اور بوڑھے بھی شوق سے پڑھتے ہیں۔ یہ کہانیاں ان کے تخیل کی اپج، قوت مشاہدہ اور نفسیاتی مطالعے کی حسن کاری کا ایک بیّن ثبوت ہیں۔

ڈاکٹر ذاکر حسین نے اپنی مصروفیت کے باوجود جو کچھ بھی لکھ دیا ہے وہ ہمارے علم و ادب میں قیمتی اور مستقل اضافے کی حیثیت رکھتا ہے۔ انہوں نے ہماری ذہنی، سیاسی، تہذیبی، تعلیمی اور ادبی زندگی کے کے ہر موڑ پر اپنے قلم سے جادو جگائے ہیں۔ جس میں ان کا شریفانہ اور نازک احساس، شگفتہ ادبی ذوق، بیدار اور تربیت یافتہ شعور، وسیع و متنوع مشاہدہ، علم اور تجربہ، انسانیت سے عشق اور خدائے واحد پر ایمان ان کی تحریر و تقریر کو غیر معمولی کشش، قوت، حسن اور تاثیر بخشتے ہیں۔

"اچھا استاد اپنے بہت سے کام بچوں ہی کی طرح قدرتی طور پر زیادہ سوچے بغیر ہی کر گزرتا ہے۔"

(ڈاکٹر ذاکر حسین)

ڈاکٹر ذاکر حسین ——— ایک انسان دوست

ع سعیدہ یاسین (دلی ایڈ)

ڈاکٹر صاحب مشرقی تہذیب اور علوم و فنون کے ماحول میں پروان چڑھے
ان کی ذات نے اگر ایک طرف مذہبی قدروں کو اپنے اندر جذب کیا تو دوسری طرف ان کی خلاق طبیعت نے
مغربی قدروں کو بھی اپنایا۔ ان کی ذات گنگ و جمن کے اس سرسبز و شاداب ہندوستان میں مشرق و
مغرب کا ایک سنگم تھی۔ ان کی ذات میں اگر مشرق کی سکون پذیری اور گہرائی، رواداری، وضع داری کا،
انسانیت اور روحانی بصیرت کوٹ کوٹ کر بھری ہوئی تھی تو مغرب کی روشن خیالی، ذہنی جرأت انسان
دوستی اور عملیت کا جذبہ بھی کارفرما تھا۔ ان کی ذات ماضی و حال کے درمیان، مشرق و مغرب کے درمیان
ایک پل کا کام کرتی تھی۔

ڈاکٹر صاحب کی زندگی کا مقصد "بابر بعیش کوش کہ عالم دوبارہ نیست" نہیں تھا۔ ان کی زندگی
وقف تھی حق کی بلندی، امن و آشتی کی ترویج اور باطل کے ہر طوفان سے ٹکرانے کے لئے۔ بلکہ اگر یوں کہا
جائے تو بے جا نہ ہوگا کہ ان کا وجود آیت فی الارض خلیفہ کی توضیح بھی تھا اور تشریح بھی، ان کی حق پرستی
اور صداقت شعاری سے ہند کے بے قراروں کو قرار، مظلوموں کو ظلم و ستم سے نجات اور کمزور و ناتوانوں
کو توانائی اور طاقت ملی۔ سچ پوچھئے تو ان کی ذات اقبال کے اس شعر کی سچی تفسیر تھی۔

جس سے جگر لالہ میں ٹھنڈک ہو وہ شبنم
دریاؤں کا دل جس سے دہل جائے وہ طوفاں

ان کے عزم مسلسل، سعی پیہم اور ارادوں کی پختگی نے بزدلی اور احساس کمتری کے شکنجوں میں جکڑے ہوئے
انسانوں کو ناامیدی، حرماں نصیبی اور مایوسی کے قعر مذلت سے نکال کر امید اور ولولہ، نور اور روشنی عطا
کی۔ گلستان جامعہ و علی گڑھ اپنی زیب و زینت کے لئے انہیں کے خون جگر کے محتاج تھے۔ انہوں نے

حامد کی باگ ڈور اس وقت سنبھالی جس وقت باد سموم کے تند و تیز جھونکے اس گلشن کو تہ و بالا کر رہے تھے اور قومی رہنماؤں میں سے کوئی بھی اس کی زمام سنبھالنے کو تیار نہیں تھا لیکن ڈاکٹر صاحب، جن کی ذات کے سچے سونے کو گاندھی جی کی حق کوشی و حق بینی نے کندن بنا دیا تھا اور تحمل حال کے صبر و حلم نے اسے جلا دی تھی، اس چمن کی آبیاری میں مصروف ہو گئے۔

بے گانہ ہوئی دنیا رسم و رہ الفت سے
اک میری طبیعت ہے جو باز نہیں آتی

اسی طرح آزادی کے بعد جب علی گڑھ کی عطر بیز فضا مکدر ہو گئی اور اس کی شام مصر و شب شیراز پھیکی پڑ گئی اور طاق حرم کی شمع فروزاں گل ہونے لگی تو اس وقت بھی ڈاکٹر صاحب کی خدمات وہاں کی فضا کو خوشبو سے بسانے کے لئے حاصل کی گئیں۔

ڈاکٹر صاحب قدرت کے عظیم احسانات سے مالا مال ہونے کے باوجود کبر و نخوت اور سرکشی جیسی لائق نفرت چیزوں سے ہمیشہ دور رہے ان کی روح مظلوموں کی بے بسی دیکھ کر تڑپ اٹھتی تھی یتیموں کے آنسو دیکھ کر اُن کی آنکھیں نمناک ہو جاتی تھیں اُن کی زندگی کا ہر لمحہ اور ہر آن انسانوں کی پریشان زندگیوں کو آسودگی سے سرشار کرنے کے لئے وقف تھا۔ عزت و شہرت، جاہ و حشمت اور دولت کی حصول یابی کے لئے نہیں بلکہ ظلم و ستم جور و جفا اور استبدادی قوتوں کو پامال کرنے کے لئے امن و امان، عدل و انصاف، صداقت و راست بازی کے قیام عام کے لئے وہ قرون ثلاثہ کے ایک زندہ اور تابندہ روشن ستارہ تھے جس کے لئے اقبال نے یہ شعر کہا ہے۔

ہر لحظہ ہے مومن کی نئی آن نئی شان
گفتار میں کردار میں اللہ کی برہان

وہ جس انجمن، گلستان اور چمن پر اپنے پاکیزہ قدم رکھتے شکستہ قلوب اور پُرسوز نالے انہیں کی چارہ سازی کے منتظر رہتے، مغموم و رنجور، درماندہ و شکستہ حال، محتاج و پریشان حال، دل گیر و دل فگار ستم رسیدہ اور زندگی سے بیزار ہستیاں، ان کی آمد پر درازیٔ عمر کی دعائیں کریں۔ ان کی آمد سے وحشت اور ویرانیاں ختم ہو جائیں خوشیوں اور مسرتوں کے چمن شاداب ہو جاتے، علمی فضائیں قائم ہو جاتیں، عدالت الٰہیہ کا سماں بندھ جاتا، امن و امان، صداقت و راست بازی اور ایمان و یقین کا نور، ظلم و ستم، جور و جفا شر و فساد اور تمام طاغوتی طاقتوں پر غالب آجاتا۔ فی الحقیقت وہ اس امت کے ایک فرد تھے جس امت کے لئے اقبال نے بزبان ابلیس یہ کہا ہے:۔

ہر نفس ڈرتا ہوں اس اُمت کی بیداری سے میں
ہے حقیقت جس کے کی احتساب کائنات

ذاکر صاحب علم دوست بھی تھے اور علم نواز بھی علم اُن کے لئے "چار پایۂ بر دکتابے چند" کے مصداق نہیں تھا ان کا علم ان کے لئے روشنی تھا، نار نہیں، وہ اُن کے لئے شمع ہدایت تھا، معمہ نہیں آج ہندمیں کون واقف نہیں کہ اس عالم مفکر، مدبر اور ماہر تعلیم نے کلمۂ حق کہنے سے کبھی روگردانی نہیں کی۔ اس علم کی ہی بدولت وہ اپنے مقصد کے حصول میں برابر کوشاں رہے اور جائز الزام بھی ہونے میں تو اقبال کے جب یہ اشعار پڑھتی ہوں تو سچ مچ ذاکر صاحب کی زندگی کو ان اشعار کی جیتی جاگتی تصویر پاتی ہوں۔

تو شب آفریدی چراغ آفریدم ؛ سفال آفریدی ایاغ آفریدم
بیابان و کہسار و راغ آفریدی ؛ خیابان و گلزار و باغ آفریدم

اس کا ماحصل یہ ہے کہ اے خدا تو نے رات پیدا کی جو تاریک اور اندھیری ہے اور میں نے تاریکی کو دور کرنے کے لئے چراغ ایجاد کیا۔ تو نے مٹی کا پیالہ بنایا تھا میں نے شیشہ کا شفاف پیالہ بنایا تو نے بیابان، پہاڑ اور چراگاہیں پیدا کیں "جو ویران اور غیر آباد تھیں" میں نے ان کو آباد کر کے پھولوں کی کیاریاں گلزار اور باغ بنائے۔ ڈاکٹر صاحب کی پوری زندگی ان اشعار کی ترجمان ہے وہ جہاں بھی گئے اپنے پیچھے ایک لہلہاتا باغ اور چمن چھوڑ آئے ہیں۔ وہ انسان آج صفحۂ ہستی پر نہیں لیکن اس کے آدرش، اصول اور وہ مثالیں باقی ہیں جس کے لئے وہ زندہ تھے، ہم ان کی مثالوں کو زندہ رکھ کر، انہیں عملی جامہ پہنا کر انہیں آنے والی نسلوں تک پہنچا کر اگر ایک طرف ان کے احسان کے بار گراں سے عہدہ برآ ہو سکتے ہیں تو دوسری طرف اُن کی روح کو تسکین بھی دے سکتے ہیں اُن کی مثالیں گرمی بھی دیں گی اور روشنی بھی حرارت بھی دیں گی اور حرکت بھی۔ اُن کی مثالوں کے ذریعہ ہم ہمیشہ ان کو اپنے درمیان پائیں گے اس بات کو حافظ شیرازی بھی تو کہہ گئے ہیں

ہرگز نہ میرد آنکہ دلش زندہ شد بعشق
ثبت است بر جریدۂ عالم دوام ما

ذاکر صاحب کی زندگی کا ہر پہلو اور رُخ ہندوستانیوں کے لئے ایک مثال ہے۔ ایک نمونہ ہے اور مشعل راہ بھی ہے کیونکہ وہ اگر ایک طرف پکے اور سچے مسلمان تھے تو دوسری طرف پکے اور سچے ہندوستانی بھی تھے انہوں نے اپنے کردار اور عمل سے یہ ثابت کر دکھایا کہ بیک وقت ایک اچھا مسلمان اور اچھا ہندوستانی ہونا نہ صرف ممکن ہے بلکہ یہ دونوں چیزیں ایک دوسرے کی لازم ملزوم ہیں۔

فی الحقیقت ایک اچھے مسلمان میں وہ تمام چیزیں ضرور ہوتی ہیں جو ایک اچھے شہری کے لئے درکار ہے یہی وجہ ہے کہ جب بھی کبھی وہ خطاب کرتے ان کے مخاطب خواہ وہ مسلمان ہوں یا کاستی ودیاپیٹ کے طلبا اور اساتذہ بقول اقبال وہ۔

وہ کہتا ہے وہی بات سمجھتا ہے جسے حق

وہ ابلہ مسجد ہے نہ تہذیب کا فرزند

حق بات کہنے سے نہ چوکتے اُن کی حق پرستی، حق نوازی، صداقت پرستی اور انسانیت دوستی کی تصویریں تو نہیں کھینچ سکتی ہاں اتنا کہہ سکتی ہوں کہ شاید اقبال نے ایسا یہ شعر ڈاکٹر صاحب جیسے لوگوں کے لئے کہا تھا۔

آئین جواں مرداں حق گوئی و بیباکی

اللہ کے شیروں کو آتی نہیں روباہی

الغرض ڈاکٹر صاحب ان چند خوش قسمت انسانوں میں سے ایک تھے جو ہمارے قومی آسمان پر خورشید منور کی طرح چمکے اور جنہیں قدرت نے پورے طور پر وہ تمام چیزیں اور ان کی نعمتیں جن کی آرزو ہر انسان کو ہوا کرتی ہے لیکن ان سب میں اُن کی ایک صفت بہت نمایاں تھی کہ وہ انسان دوست اور انسانیت نواز تھے وہ ان کے دکھ درد کو دیکھ کر تڑپ اُٹھتے تھے۔

تعلیمی کام ایک دھیمے دھیمے بہنے والا میدانی دریا ہے جو برسات ہی میں نہیں بہتا گرمی میں پہاڑوں کے برف جیسے دل کو پگھلا کر ایسی روانی کا ساماں پیدا کرتا ہے ۔"

(ڈاکٹر ذاکر حسین)

مردِ درویش

پروفیسر آل احمد سرور

زمانہ جس کی تلاش میں تھا یہی ہے ہمدم وہ مردِ دانا
نگاہ جس کی ہے عارفانہ، مزاج جس کا قلندرانہ

وہ جس کا دستور حق پسندی وہ جس کا آئین دردمندی
وہ جس کے ایثار بے کراں کا ہے معترف آج تک زمانہ

جلال بھی ہے جمال بھی ہے یہ شخصیت کا کمال کہیے
خیال میں بجلیاں پُرافشاں لبوں پہ اک دل نوازانہ

وہ جس کی چشمِ ستارہ بیں نے فلک بھی دیکھا جہاں بھی دیکھے
پسند جس کو نہ دے سکے آیا مگر کچھ اپنا ہی آشیانہ

اُفق پہ ہے روشنی سی لیکن وہ چشمِ بینا کہاں سے لائیں
ابھی حسینوں سے جن کی چھوٹا نہیں فرنگی کا آستانہ

ورق ورق ہے مرا صحیفہ ملے تو کیوں کر رہے تو کیوں کر
اُدھر ہے آرزو کی گرمی، اِدھر خمارِ مئے شبانہ

ہوا ہے گو تند و تیز لیکن چراغ اپنا جلا رہا ہے
وہ مردِ درویش جس کو حق نے دیے ہیں اندازِ خسروانہ

ڈاکٹر ذاکر حسین ـــــــ ایک ہمہ گیر شخصیت

نواب الدین انصاری (بی ایڈ)

(۱) ایک انگریز مصنف کا قول ہے کہ بعض لوگ پیدائشی بڑے ہوتے ہیں بعض اپنی کوشش سے بڑائی حاصل کرتے ہیں اور بعض پر بڑائی زبردستی عائد کر دی جاتی ہے۔ دنیا میں اکثریت تیسرے قسم کے بڑے لوگوں کی ہے پہلی قسم کے لوگ جن کی پیشانی پر بچپن ہی سے بلندی کا ستارہ روشن ہوتا ہے شاذ و نادر ہی پیدا ہوتے ہیں۔ ڈاکٹر ذاکر حسین کا شمار پہلی قسم کے لوگوں میں ہوتا ہے۔ اور انہیں دیکھ کر یہ اندازہ ہوتا تھا کہ قدرت کے سامنے "انسان" کا کس قدر بلند تصور ہے آج ذاکر صاحب ہمارے درمیاں میں نہیں لیکن ان کی ہمہ گیر اور عہد آفریں شخصیت کے نقوش جگمگا رہے ہیں یہ نقوش کبھی دھندلے نہ ہوں گے۔ اور آنے والی نسلیں ان سے روشنی حاصل کریں گی۔

(۲) ذاکر صاحب کی گوناگوں شخصیت کو سمجھنے اور جاننے کے لئے ان کے عزیزوں، دوستوں اور ہمعصروں کی تحریروں کا مطالعہ لازمی ہے ان بزرگوں نے ڈاکٹر صاحب کو قریب سے دیکھا اور سمجھا ہے اور ان سے کچھ حاصل کرنے کی کوشش کی ہے۔

(۳) ڈاکٹر صاحب کے چھوٹے بھائی یوسف حسین خاں صاحب اپنی کتاب "یادوں کی دنیا" میں لکھتے ہیں۔ ہمارے تیسرے بھائی ڈاکٹر ذاکر حسین خاں ہیں جنہیں ان کے چھوٹے بھائی ذاکر میاں کہتے ہیں، وہ ہمارے لئے فخر خاندان ہیں۔ ان کی پیدائش ۱۸۹۷ء میں حیدرآباد میں ہوئی۔ ماسٹر عبدالغنی جو ایک نو مسلم انگریز تھے ان کے پہلے استاد تھے اٹاوہ سے میٹرک کرنے کے بعد یہ علی گڑھ ۱۹۱۳ء میں ایم اے، او کالج میں ایف۔ ایس سی کلاس میں داخل ہوئے اس کے بعد ڈاکٹری کی تعلیم کے لئے لکھنؤ گئے لیکن صحت کی خرابی کے باعث پھر علی گڑھ آ گئے اور بی، اے میں داخلہ لے لیا ۱۹۲۰ء میں ترک موالات کی تحریک میں شریک ہو کر جامعہ ملیہ اسلامیہ چلے آئے یہ ان کی زندگی کا فیصلہ کن موڑ تھا۔ طالب علمی کے

زمانے ہی سے اُن کی ذہانت اور قابلیت کا سکّہ اپنے ہم عصروں پر بیٹھا ہوا تھا علمی قابلیت کے علاوہ انکی سیرت کی چمک دمک بھی اپنوں اور غیروں کے لئے جاذبِ نظر تھی قدرت کو ان سے بڑے بڑے کام لینا تھے جس کی تیاری طالب علمی کے زمانے سے ہی شروع ہو گئی تھی۔ جب وہ ایم اے۔ او کالج کی یونین کے وائس پریذیڈنٹ منتخب ہونے جو کسی طالب علم کے لئے سب سے بڑا اعزاز تصور کیا جاتا تھا۔

ذاکر صاحب کا جرمنی میں قیام تقریباً ساڑھے تین سال رہا اگرچہ ان کا خاص مضمون معاشیات تھا لیکن فلسفۂ تعلیم سے انہیں ہمیشہ لگاؤ رہا۔ جرمنی میں اس موضوع کے بڑے ماہر موجود تھے ان کی صحبت میں انہیں اپنی علمی پیاس بجھانے کا موقع ملا جس کے باعث ان کی شخصیت کا خاص رنگ نکھرا اور اس کے اظہار کی نت نئی شکلیں آئندہ پیدا ہوئیں جرمنی کے جن پروفیسروں سے انہوں نے خصوصی علمی استفادہ کیا ان میں زومبارٹ، زیرنگ، اشپرانگر، کوٹلر، پروفیسر متوخ اور کرشن اشٹائنو خاص طور پر قابلِ ذکر ہیں۔ ان میں سے ہر ایک اپنے فن کا امام مانا جاتا تھا۔ ذاکر صاحب نے برلن یونیورسٹی سے ۱۹۲۶ء میں معاشیات میں ڈاکٹریٹ کی ڈگری حاصل کی۔

ذاکر صاحب برلن میں ہندوستانی طلباء کی انجمن کے صدر تھے ہندوستان کی آزادی کے متعلق ان کی تقریریں جو انہوں نے جرمن زبان میں کی تھیں بے حد پسند کی گئیں۔ ہیمبرگ اور بریمن میں " انجمن خواتین برائے امن و آزادی " کے زیرِ اہتمام جو تقریریں انہوں نے گاندھی جی سے متعلق کی تھیں انہیں گاندھی جی کے مضامین کے جرمنی ترجمے میں دیباچے کے طور پر شائع کیا گیا ہے۔

اس زمانے میں برلن میں فارسی زبان کی کتابوں کی طباعت کے لئے ایک مطبع غنی زادہ نے قائم کیا تھا جس کا نام کاویانی پریس تھا۔ مطبع کے مہتمم غنی زادہ سے ذاکر میاں کے دوستانہ مراسم تھے۔ ذاکر صاحب نے ان سے یہ خواہش ظاہر کی کہ کمپوزنگ کا کام سیکھنا چاہتا ہوں غنی زادہ نے کہا کہ بہت اچھا پریس حاضر ہے چنانچہ یہ کمپوزنگ سیکھنے کے لئے کاویانی پریس جانے لگے جب کافی مہارت ہو گئی تو اپنے ہاتھ سے دیوانِ غالب کمپوز کر کے وہیں سے شائع کیا اور اس کے اخراجات اپنی جیب سے برداشت کئے۔ یہ دیوان چھوٹے سائز پر ہے کاغذ نہایت اعلیٰ درجہ کا لگایا گیا۔ بیلدار جدول اور دورنگی چھپائی نے اسے نہایت دیدہ زیب بنا دیا ہے ایسا کہ اس شان کا دیوانِ غالب اس سے پہلے کبھی نہیں چھپا تھا۔ فروری ۱۹۲۶ء میں جرمنی سے واپسی پر ذاکر صاحب جامعہ کے پرنسپل مقرر ہوئے۔

" انشاپرداز کی حیثیت سے ذاکر صاحب کے اسلوب کی تازگی برجستگی اور متانت اور خوش بیانی تاثیرِ کلام کی ضمانت ہیں صفحے کے صفحے پڑھ جائیے زبان و بیاں میں تصنع کہیں نام کو نہیں

آمد ہی آمد ہے آورد کا کہیں پتہ نہیں" وہ بڑے منکسر المزاج اور متواضع اور بڑے متحمل اور صابر ہیں۔ مزاج میں چشم پوشی، درگزر اور انصاف پسندی کوٹ کوٹ کر بھری ہے ہر معاملے میں قطعی رائے رکھتے ہوئے اس کے اظہار میں اس کا خیال رہتا ہے کہ کسی کے دل کو چوٹ نہ لگے۔ نہ کسی کی ذلت و توہین ہو۔

"نوجوانی میں ذاکر میاں کی سیرت و کردار پر ایک صوفی اور درویش حسن شاہ کا گہرا اثر پڑا۔ جو ہمارے دادا کے دَور کے سرپرست ہوتے تھے۔ بڑی خوبیوں کے انسان تھے اور اپنے رنگ میں منفرد۔ حسن شاہ ہم سب بھائیوں میں ذاکر میاں کو بہت چاہتے تھے۔ ان سے اپنی فارسی کی کتابیں جو تصوف پر تھیں نقل کرواتے۔ ذاکر میاں کا کہنا ہے کہ اس نقل کرنے کے سبب سے میرا خط اچھا ہو گیا۔"

ذاکر میاں کی ساری زندگی ہمیشہ سے پاک و صاف رہی ہے اس میں ہر بات ظاہر ہے کوئی چیز چھپی نہیں۔ وہ جو کہتے ہیں وہی کرتے ہیں اگر وہ کسی سے وعدہ کریں تو اسے پورا کریں گے وہ ہر ایک کام کرنے کو تیار رہتے ہیں۔ بشرطیکہ یہ جائز اور درست ہو۔ ذاکر میاں کی صداقت بڑے چھوٹے سب مانتے ہیں۔ اپنے پرائے سب اس کی گواہی دیتے ہیں اس سے ان کے کردار کی عظمت کا پتہ چلتا ہے۔"

پروفیسر حبیب الرحمٰن صاحب ہائی اسکول اور کالج کی تعلیم کے ساتھی تھے۔ انہوں نے اپنے ایک مضمون "تعلیمی دَور" میں لکھا ہے کہ ذاکر صاحب کو میں ۱۹۱۳ء سے جانتا ہوں۔ جب وہ اور میں اسلامیہ ہائی اسکول اٹاوہ میں پڑھتے تھے ذاکر صاحب کو ان کے بی اے، ایم اے اور کالج کے ساتھی مرشد بھی کہتے ہیں اور سمجھتے بھی ہیں لیکن ذاکر صاحب اسکول کے زمانے میں بھی اپنے اسکول کے ساتھیوں کے مرشد تھے۔ ہر طالب علم ان کی بے انتہا عزت کرتا تھا اور ان کی تقلید کرنے میں فخر محسوس کرتا تھا جس زمانے میں ذاکر صاحب اور میں اسلامیہ کالج اٹاوہ میں پڑھتے تھے ترکی اور اٹلی میں جنگ ہو رہی تھی ذاکر صاحب کی تحریک پر ہم لوگوں نے گوشت کھانا بند کرا دیا تاکہ جو روپیہ بچے ترکوں کی مدد کو بھیجا جائے مرشد کو اس زمانے میں بھی انگریزی اخبار پڑھنے کا شوق تھا "پانیر" معیاری اخبار سمجھا جاتا تھا۔ انہیں جلد سے جلد خبریں معلوم کرنے کی اتنی فکر اور اس قدر اشتیاق رہتا کہ وہ پانیر روزانہ خریدنے کے لئے اٹاوہ کے اسٹیشن جاتے۔ آگے وہ ہوتے پیچھے میں اسٹیشن پر اخبار اترتے ہی ذاکر صاحب اسے حاصل کرتے۔ اور پھر وہ اور میں تقریباً بھاگتے ہوئے اسکول کے بورڈنگ ہاؤس میں واپس آجاتے۔ وہاں طالب علم منتظر ہوتے ہمارے واپس آتے ہی وہ ہمارے چاروں طرف حلقہ بنا لیتے ذاکر صاحب انہیں خبروں کا ترجمہ کر کے سناتے بلکہ ان پر تبصرہ بھی فرماتے۔

"ہمارے ہیڈ ماسٹر الطاف حسین تھے اور ہونہار طالب علموں کو اپنی ذاتی توجہ کا مرکز بنا لیتے۔

یہ طالب علم جن میں ذاکر صاحب سب سے زیادہ نمایاں تھے اپنا فاضل وقت ہیڈ ماسٹر صاحب کے مکان پر صرف کرتے اور ہیڈ ماسٹر صاحب مختلف سیاسی معاشی اور سماجی مسائل پر ان طالب علموں کے ساتھ ایسے دلچسپ انداز میں گفتگو کرتے تھے کہ ان میں ان مسائل کے متعلق کافی بصیرت پیدا ہو جاتی تھی اور ان کے علم اور واقفیت میں کافی اضافہ ہوتا تھا ہیڈ ماسٹر صاحب کی ان مجلسوں اور صحبتوں کا نتیجہ یہ ہوا کہ ذاکر صاحب کی عام واقفیت سیاسی مسائل کے متعلق اتنی وسیع ہو گئی کہ بیشتر اعلیٰ تعلیم حاصل کئے ہوئے لوگ جو ان سے دگنی عمر کے تھے۔ ان مسائل کے متعلق ان جیسی بصیرت نہ رکھتے تھے اس بصیرت کا یہ نتیجہ ہوا کہ ان میں بین الاقوامی اور قومی معاملات کے صحیح جذبات اور رجحانات پیدا ہو گئے اور ہندوستان کے باہر دوسرے مسلم ممالک سے ان کی گہری ہمدردی بھی راسخ ہو گئی

پروفیسر مجیب کے ذاکر صاحب سے انتہائی قریبی اور گہرے تعلقات تھے۔ ۱۹۲۳ء میں پروفیسر مجیب کی برلن میں ذاکر صاحب سے پہلی ملاقات ہوئی ۱۹۴۸ء میں جب ذاکر صاحب مسلم یونیورسٹی کے وائس چانسلر مقرر ہو کر علی گڑھ گئے تو مجیب صاحب ان کے جانشین مقرر ہوئے اور اس وقت سے اب تک وہی شیخ الجامعہ کے فرائض انجام دے رہے ہیں پروفیسر مجیب نے ذاکر صاحب کے متعلق ایک مضمون "ڈاکٹر ذاکر حسین — ایک خاکہ" میں لکھا ہے کہ طالب علمی کے زمانے میں بہت ہر دل عزیز تھے۔ لیکن ان کی تعریف کرنے والوں میں کسی کو گمان نہیں تھا کہ ان میں علم حاصل کرنے کا کوئی حوصلہ ہے ان کی شخصیت میں بڑی کشش تھی ان کی گفتگو بڑی پُر لطف ہوتی تھی وہ بحث میں تیز تھے۔ وہ بہت عجیب عجیب اور دل کش حرکتیں بھی کرتے تھے مثلاً ایک مرتبہ وہ کسی معجون کا مرتبان کھا گئے اور بڑے بھولے پن سے اس کی وجہ یہ بتائی کہ میں کیا کرتا بھوک لگی تھی۔ ان کی تعریف کرنے والوں میں کسی کو اس کا بھی خیال نہ ہوا کہ ان کا لاابالی پن ظاہری ہے۔ اور ان کی طبیعت کی گہرائی میں اور بہت کچھ ہے جس کا پتہ نہیں چلتا۔

ذاکر صاحب کے ڈاکٹر سید عابد حسین صاحب سے بھی دیرینہ تعلقات تھے۔ ان سے بھی پہلی ملاقات برلن میں ہوئی جہاں عابد صاحب طالب علم تھے ڈاکٹر عابد حسین صاحب "ذکر ذاکر" میں لکھتے ہیں۔ "ہم سنا کرتے ہیں کہ فلاں شخص نے دوستوں عزیزوں یا عام طور پر بندگان خدا کی خدمت کا بیڑا اٹھایا ہے۔ فلاں نے قوم و ملت کے لئے اپنی زندگی کو وقف کر دیا ہے۔ دنیا کو تج دیا ہے ایثار کیا ہے، قربانی کی ہے۔ ذاکر صاحب کو میں نے پچھلے ۴۴ سال سے ہمیشہ افراد اور جماعتوں کی بھلائی کی کوشش میں محو دیکھا ہے۔ لیکن میرے علم و یقین میں نہ انہیں کبھی خدمت کا بیڑا اٹھانے کا احساس ہوا

نہ اپنے آپ کو وقف کرنے کا نہ تیاگ کا نہ ایثار و قربانی کا احساس ہوا تو صرف یہ کہ زندگی کا دھارا خود بخود بے تکلف، بے رکاوٹ ایک سمت بہہ رہا ہے۔ اور انہوں نے کہا اچھا ہے یہ جو سماجی یا انسانی دوست ٹائپ کی ایک اور بڑی پہچان ہے اور وہ بھی ذاکر صاحب میں بدرجہ اتم موجود ہے۔ ان میں "خودی" اور "بے خودی" اس طرح گھل مل کر شیر و شکر ہو گئی کہ دوسرے انسانوں کے مقابلے میں خواہ کسی ملک، کسی مذہب، کسی طبقے کے ہوں انہیں احساس کمتری اور اظہار برتری کی کشمکش سے گزرنا، خود فروشی اور خود فراموشی کے بیچ میں جھولنا نہیں پڑتا۔ نئے آدمی سے وہ اس طرح کھلے آغوش اور کھلے دل سے ملتے ہیں جیسے برسوں کا دوست ہو۔ انسان کو کتاب سمجھ کر اس کی تنقید، تحلیل اور تجزیہ نہیں کرتے کہ وہ کسی جزو کو رد اور کسی کو قبول کریں۔ بلکہ جیسا ہے سارے کا سارا لے لیتے ہیں اور اپنے کو تمام و کمال اس کے حوالے کر دیتے ہیں۔ اور ہمارے زمانے میں گاندھی جی نے اس پر بہت زور دیا ہے کہ برے آدمی اور اس کی برائی میں فرق کرو۔ اس طرح جیسے بیمار اور بیماری میں کرتے ہو برائی کو ضرور برا کہو اور رفع کرنے کی کوشش۔ اس طرح جیسے بیمار اور بیماری میں کرتے ہو مگر اس انسان کو جس کے اندر برائی نظر آئے بیمار کی طرح ہمدردی کے قابل علاج کا محتاج، محبت کا سزاوار سمجھو اس اصول پر اپنی طبیعت کے تقاضے سے عمل کرتے ہوئے میں نے کسی کو دیکھا ہے تو ذاکر صاحب کو برے اعمال کی وجہ سے کسی کو برا سمجھنا تو درکنار، ذاکر صاحب کی اتھاہ مروت اکثر انسان کے جوہر انسانیت کی اس کے برے اعمال کو قبول نہیں تو گوارا ضرور کر لیتی ہے۔ کسی کے دل کو ہاتھ میں لینا ان کی طریقت میں حج اکبر ہے اور کسی کے دل کو توڑنا گناہ کبیرا بلکہ کفر ہے۔ ان کی طبیعت حوصلہ مند ہے اور قومی اعزاز، اجتماعی منصب بے مانگے ملے تو ان کا دل قبول کرنے کو چاہتا ہے لیکن اگر اس میں کسی حریف کا مقابلہ کر کے اس کو شکست دینا ہو اور کسی انسان کو روند کر آگے بڑھنا ہو تو وہ عموماً پیچھے ہٹ جاتے ہیں"

پروفیسر رشید احمد صدیقی کے متعلق کسے معلوم نہیں کہ یہ ڈاکٹر صاحب کے سب سے قریبی ساتھی اور یار غار ہیں رشید صاحب نے سب سے پہلے ذاکر صاحب پر ایک چھوٹی سی کتاب "ذاکر صاحب" لکھ کر عوام سے انہیں روشناس کرایا۔ اس کے بعد وہ ذاکر صاحب پر برابر علی گڑھ کالج میگزین میں مضمون لکھتے رہے زیر نظر اقتباس بھی علی گڑھ کالج میگزین میں ایک مضمون "یاد یار مہرباں آید ہمی" سے ماخوذ ہے"

"ذاکر صاحب کے وائس چانسلر ہونے سے پہلے ایسا کچھ ایسا حال تھا کہ ملک یا ملک سے باہر کوئی مشہور شخص یا اپنے فن یا مسلک کا کامل نظر آ جاتا تو یہ فکر دامن گیر ہوتی کہ یہاں کی رفاقت یا راہ نمائی

لئے کس کا انتخاب کیا جائے تاکہ ہمارا بھرم قائم رہے اور یہاں خوش مطمئن اور اس ادارے کی خوبیوں کا معترف ہو کر رخصت ہو۔ بات یہ ہے کہ اتنے دنوں سے اپنی یونیورسٹی کو یونیورسٹی کے درجہ سے گرتے اور طرح طرح کی مصیبتوں سے دوچار ہوتے دیکھ چکا تھا کہ آپ اپنی نظر میں سبک ہو چلا تھا کہ اپنی روایات اور اپنی قوم اپنی یونیورسٹی یہاں تک کہ اپنے بزرگوں، عزیزوں اور دوستوں کے بارے میں محبت اور عظمت کی جو رائے رکھتا تھا وہ شاید خود فریبی تھی۔ جس نے میرے احساسات کے احترام میں خوش عقیدگی کا جامہ پہن لیا تھا لیکن جب ذاکر صاحب آگئے تو ایک ایک کر کے میری تمام خوش عقیدگیوں کی تصدیق ہونے لگی۔ اور پھر ایک دفعہ کالج والی طالب علمانہ یا طفلانہ سپرٹ عود کر آئی کہ کاش کوئی بڑا آدمی آئے اور ہم کو ہمارے اداروں کو اور ہمارے بڑے آدمی کو دیکھے۔ چنانچہ اس سات آٹھ سال میں جب تک ذاکر صاحب یہاں رہے جب کبھی یہ سنتا کہ فلاں بڑا آدمی آرہا ہے اور اس زمانے میں کتنے بے شمار منتخب روزگار یہاں آئے تو دل خوش ہو جاتا تھا اور حوصلہ بڑھ جاتا تھا۔ اس لئے نہیں کہ وہ بڑا آدمی تھا بلکہ اس لئے کہ ہم کو اپنی بڑائی ثابت کرنے کا موقع ملے گا۔ چنانچہ یہ یقین رہتا تھا کہ یہاں کسی اعتبار سے کتنا ہی عظیم المرتبت کیوں نہ ہو، ذاکر صاحب اس سے ملے اور گفتگو کرلی تو وہ ہمیشہ ہمارا اور ہمارے ادارے کا اور ہم جس بات کی نمائندگی کرتے ہیں اس کا ثناخواں رہے گا۔

ذاکر صاحب کے ایک اور قریبی دوست اور عقیدت مند خواجہ غلام السیدین نے ذاکر صاحب پر ایک طویل مضمون "مرد مومن" کے عنوان سے لکھا ہے اس کا ایک اقتباس ملاحظہ فرمائیے

"میرے خیال میں ذاکر صاحب کی سب سے نمایاں صفت انسانی زندگی کی قدروں کی صحیح پرکھ ہے وہ کاموں اور مقصدوں کی اضافی قدر و قیمت کا بہت صحیح اندازہ لگاتے ہیں۔ بہت سی چیزیں جو دوسرے لوگوں کی آنکھوں کو خیرہ کر دیتی ہیں، ان کی نگاہ اور ان کے دل کو کبھی مرعوب نہیں کر سکتیں یہ بظاہر معمولی سی بات معلوم ہوتی ہے لیکن دراصل کم یاب صفت ہے اور خوش نصیب ہے وہ انسان جو آزمائشوں اور تجربوں کی یورش میں اپنے نظام اقدار کو درست رکھے اور اس کی حفاظت کر سکے دراصل تعلیم کا سب سے بڑا مقصد یہ ہے کہ وہ انسانی قدروں کی پرکھ سکھائے اس لئے ایک اچھے معلم کے ذہن میں انسان اور اس کی دنیا کی صحیح تصویر ہونی چاہئے تاکہ وہ اہم اور غیر اہم، اصلی اور نقلی، سچی اور جھوٹی باتوں میں تمیز کر سکے اگر اس کے خیال اور عمل میں غلط اور کم معیاری چیزوں کی عزت اور محبت بسی ہو گی تو اس کے شاگرد بھی خود بخود انہیں چیزوں کا احترام کریں گے۔

ذاکر صاحب کی عظمت بحیثیت ایک معلم کے دراصل اس وجہ سے نہیں کہ ان کو موجودہ اور قدیم تعلیمی اصولوں اور طریقوں سے بہت اچھی واقفیت ہے یا انہوں نے ایک بہت مشہور درسگاہ کی بنیاد ڈالی ہے اور اس کو پروان چڑھایا ہے بلکہ اس کا بڑا سبب یہ ہے کہ ان کی اپنی ذات ہماری بہترین اخلاقی اور مذہبی قدروں کی حامل ہے اور عصر حاضر کے شیطانی ہیجان میں انہوں نے اپنے مذاقِ سلیم اور احساس صالح کو قائم رکھا ہے اور یہ چیز علم و عمل کے کارناموں سے بھی کہیں زیادہ وسیع ہے۔

مشہور نقاد پروفیسر آل احمد سرور بھی ذاکر صاحب سے بے پناہ محبت اور ہمہ گیر عقیدت رکھتے ہیں۔ سرور صاحب نے ان کی شخصیت اور علمیت کا اثر قبول کیا ہے اور رہنمائی حاصل کی ہے سرور صاحب نے اپنے بارے میں لکھا ہے کہ ذاکر صاحب نے آئی سی ایس سے ان کی طبیعت ہٹائی اور علمی کے درس و قار کی طرف مائل کیا ڈاکٹر ذاکر حسین کی ادبی خدمت کا ذکر کرتے ہوئے آل احمد سرور لکھتے ہیں —— انہوں نے جوش جنوں میں بارہا گھر چھوڑ کر جنگل کی راہ لی اور اپنے خون دل سے کتنے ہی ویرانوں میں علم و عمل کے پھول کھلائے " انہوں نے کتابوں میں کبھی اپنے آپ کو بند نہیں کیا۔ مگر جب کبھی کچھ لکھا تو اپنے خلوص دل سوزی اور سماجی شعور کی وجہ سے وہ ایسی ہوئی بجلیاں بھر دیں حسن کی وجہ سے ادب میں آب آتی ہے اور جس سے انسانوں کی زندگی بدلتی، سنورتی اور نکھرتی ہے ذاکر صاحب نے اپنی عوامی زندگی میں بہت سے حیرت انگیز کارنامے انجام دئے ہیں مثلاً ۱۹۴۶ء میں کانگریس اور مسلم لیگ کے رہنماؤں کو جب کہ ان میں شدید کشمکش تھی اور ایک دوسرے کی صورت دیکھنا بھی گوارہ نہیں تھا۔ ذاکر صاحب کی محبوب شخصیت نے جامعہ کے پلیٹ فارم پر اکٹھا کر دیا۔ اسی طرح بلکہ اس سے بھی زیادہ آج جبکہ اکثریتی فرقے کے کانگریسی امیدواروں کی کامیابی یقینی نہیں سمجھی جاتی۔ اقلیتی فرقے کے ایک فرد کی ملک کے سب سے بڑے عہدے کے لئے کامیابی یقیناً حیرت انگیز ہے۔ اسے ذاکر صاحب کی شخصیت کی سحر کاری کہہ سکتے ہیں یا پھر ان کے ارادوں اور مقاصد کا خلوص جو اپنا اثر دکھائے بغیر نہیں رہتا۔"

اور مولانا عبدالماجد دریابادی نے ذاکر صاحب کے صدر منتخب ہونے پر کہا " ہندوستان نے ایک مسلمان کو صدر جمہوریہ منتخب کر کے کچھ تو لاج اپنے سیکولر ہونے کی رکھ لی اس پر مبارکباد کے مستحق صدر موصوف نہیں ان کے منتخب کرنے والے ہیں۔

، ہمارے ذاکر صاحب کی سیرت و کردار کا خلاصہ کوئی ایک لفظ میں اگر رکھ دینا چاہے تو وہ ایک

شرافت ہوگا شرافت نفس کے نمونے یوں تو وہ زندگی بھر اور بکثرت پیش کرتے رہتے ہیں لیکن اس کا سب سے بڑا اور سب سے پُر اثر نمونہ تو علی اسی الیکشن کے سلسلے میں دیکھنے میں آیا۔

۱۹۶۸ء میں ڈاکٹر ذاکر حسین صاحب کی اے ویں سال گرہ تھی اس موقع پر ایک مجلس مدرذاکر قائم ہوئی تاکہ بلحاظ ایک فاضل و صاحب علم شخص کے اور کیا بحیثیت صدر جمہوریۂ ہند کے ایک یادگاری کتاب ان کی خدمت میں پیش کی جائے جس میں ان کے کارناموں اور ان کی مدت العمر کی ملکی خدمت کا اعتراف ہو۔ اور جس میں ہندوستان اور دوسرے ملکوں کے علماء یا مصنفین کے فاضلانہ مقالات انگریزی، اور اردو بھی شامل ہوں

اس مجلس کے صدر ملک کے ممتاز دانشور ڈاکٹر تارا چند تھے انہوں نے ڈاکٹر ذاکر حسین صاحب کو خراج عقیدت اس طرح پیش کیا ہے۔

صدر کی شخصیت، دانش مندی اور معقولیت حکومت کے خیالات کو بے حد متاثر کرتی ہے حکومت کے اقدامات اور اس کی پالیسیوں کی کامیابی کا انحصار بھی بڑی حد تک اس کی رائیوں پر ہوتا ہے۔ اور اسی کی رائیوں کی مدد سے بہت سے ناخوش گوار حالات ختم ہو جاتے ہیں

ان علماء اور قابل احترام آدرشوں کی حفاظت وتکمیل کے لئے ڈاکٹر ذاکر حسین بہترین اوصاف سے آراستہ ہیں قدرت نے انہیں انتہائی فیاضی سے وہ تمام صلاحیتیں بخشی ہیں جو کامیابی کی ضامن ہوتی ہیں، توازن قوت فیصلہ انسانیت دوستی دانشمندی کے وہ اوصاف جو صدارت کے منصب پر فائز ہونے والے میں ہونا چاہئیں سب کے سب ان کی شخصیت کے اجزا ہیں ان اوصاف کو ان کے طویل تجربے سے پختگی ملی ہے

نگہ بلند، سخن دل نواز، جاں پُرسوز
یہی ہے رختِ سفر میرِ کارواں کے لئے

(ماخوذ)

"حکمراں حکم کرتے ہیں اور اچھا استاد صبر کرتا ہے"
(ڈاکٹر ذاکر حسین)

ڈاکٹر ذاکر حسین ——— اور سیاست

سید مسعود الحسن (بی ایڈ)

ڈاکٹر ذاکر حسین صاحب مرحوم کی شخصیت کے مختلف پہلوؤں پر بہت کچھ لکھا گیا ہے لیکن اُن کی شخصیت کے جس پہلو کی طرف سب سے کم نظر گئی ہے وہ اُن کی شخصیت کا سیاسی پہلو ہے۔

ڈاکٹر صاحب مرحوم کو سیاست سے بچپن سے ہی دلچسپی تھی جب وہ اٹاوہ مسلم ہائی اسکول کے طالب علم تھے پہلی جنگ عظیم ہو رہی تھی وہ ہر روز اپنے ایک دوست کے ساتھ اسٹیشن جاتے اور وہاں سے انگریزی اخبار لاتے اور اپنے ساتھیوں کو نہ صرف اس کا ترجمہ کر کے سناتے بلکہ اس پر تبصرہ بھی فرماتے جاتے ذاکر صاحب مرحوم کے اس زمانے کے ایک ساتھی اور دوست پروفیسر حبیب الرحمٰن لکھتے ہیں کہ سیاسی مسائل سے متعلق ذاکر صاحب کی عام معلومات اور واقفیت اتنی وسیع ہو گئی کہ اعلیٰ تعلیم حاصل کئے ہوئے لوگ جو ان سے دوگنی عمر کے تھے ان مسائل کے متعلق ان جیسی بصیرت نہ رکھتے تھے ذاکر صاحب کی سیاست سے یہ دلچسپی ایک حد تک، ان کے استاد اور اسکول کے ہیڈ ماسٹر الطاف حسین صاحب کی تعلیم کا نتیجہ تھی۔

ذاکر صاحب کی سیاست سے اسی دلچسپی کا نتیجہ ان کا افلاطون کی شہرۂ آفاق کتاب "ریاست" کا ترجمہ تھا ڈاکٹر صاحب نے صرف اس کا ترجمہ ہی نہیں کیا تھا بلکہ ان کے سیاسی خیالات خود بھی افلاطونیت کا جامہ پہنے ہوئے تھے، بقول سرور صاحب " ذاکر صاحب طبعاً افلاطونی ہیں" ریاست کا مقدمہ پڑھئے تو معلوم ہوتا ہے کہ افلاطون خود بول رہا ہے اور کتاب دیکھیں تو ترجمہ نہیں معلوم ہوتی شاید افلاطون اور ذاکر صاحب میں بہت سی خصوصیات مشترک ہوں چنانچہ اصل مصنف کی روح نے مترجم کی ذات میں یوں حلول کیا تھا کہ قارئین کے لئے مصنف اور مترجم میں فرق کرنا مشکل ہے افلاطون کی ریاست ڈاکٹر ذاکر کی ریاست بن گئی ہے، کتاب ساری مکالموں میں ہے اور ترجمے کی خوبی یہ ہے کہ مکالمات ڈاکٹر ذاکر کے اپنے لگتے ہیں جیسے کہ ان کی اپنی کہی ہوئی بات ہے جو وہ اپنے دوستوں اور شاگردوں سے کہہ رہے

یہی بات وہی ہے بات کہنے کا ڈھنگ وہی ہے اگر ہم تناسخ کے قائل ہوتے تو ضرور کہتے کہ افلاطون کی روح دوبارہ ریاست کے اُردو مترجم کا جسم لیا ہے اور شاید یہ بات ہو بھی سچ افلاطون کے عہد کا یونان کم سے کم ذہنی اور سیاسی انتشار میں ہندوستان سے بہت حد تک ملتا جلتا ہے۔"

ذاکر صاحب کو قریب قریب سبھی قومی اور ملی لیڈروں سے سابقہ رہا لیکن ان کی شخصیت پر قابل ذکر اثر صرف چند ہی لیڈروں کا پڑا خاص طور سے گاندھی جی اور حکیم اجمل خاں کا گاندھی جی کی حق شناسی حق بینی حق گوئی اور انسان دوستی کی آنچ نے آکر سونے کو کندن بنایا تو حکیم اجمل خاں کے حلم، مروت، صبر اور حلم نے اس پر جلا دی ان اکابرین کے علاوہ ذاکر صاحب، ڈاکٹر انصاری اور مولانا ابوالکلام آزاد سے بھی متاثر تھے مولانا آزاد کے انتقال کے بعد انہوں نے ایک تقریر میں کہا تھا کہ "سیاست کے میدان میں اس دور میں مولانا کی شخصیت میرے لئے روشنی کا مینارہ تھی کیونکہ اس میں مولانا آزاد ہی ایک ایسے لیڈر تھے جس کے پائے استقامت میں کبھی لغزش نہیں ہوئی اور وہ کبھی اپنے جادۂ منزل سے نہیں ہٹے" اور یہی ذاکر صاحب مرحوم کا بھی نصب العین تھا ان کے ایک بھائی تقسیم کے بعد پاکستان میں جا بسے تھے انہوں نے ذاکر صاحب پر بہت زور ڈالا کہ آپ بھی پاکستان چلیں لیکن ذاکر صاحب نے پاکستان جانے سے انکار کر دیا اور فرمایا اگر ہندوستان کے تمام مسلمان پاکستان جا سکتے ہیں اور وہاں کے تمام ہندو ہندوستان آ سکتے ہیں تو میں پاکستان جانے کو تیار ہوں غرض وہ قول کے سچے اور دُھن کے پکے انسان تھے ان کی منزل ایک تھی۔ اور وہ ایک ہی رہی۔

۱۹۴۷ء کا قیامت خیز ہنگامہ ذاکر صاحب کے لئے سخت روحانی کرب کا زمانہ تھا لیکن انہوں نے ہمت نہیں ہاری اور زخمی دلوں پر مرہم رکھنے کے کام میں تندہی سے لگ گئے کیونکہ وہ کبھی بھی انسانوں کی انسانیت سے مایوس نہیں ہوئے تھے ان کا قول تھا کہ اس میں زیادہ ہے کہ آدمیوں کے متعلق اچھے سے اچھا گمان رکھے ہر ہر دور فریب کھائے ہر دور آدمیوں کی نیک دلی پر یقین رکھے۔"

ذاکر صاحب مرحوم کو قدروں کا بار بار بدلنا بہت بُرا معلوم ہوتا تھا وہ سیاست سے قریب ہوتے ہوئے بھی موجودہ سیاست سے بہت دور تھے انہیں آج کل کی سیاست سے جو گھٹیا پن اور حد بانتت سے پر ہے چڑھ تھی اپریل ۱۹۴۲ء میں انہوں نے قومی تعلیم کی دوسری کانفرنس سے جو خطاب کیا تھا اُس سے اُن کے سیاسی تصورات اور زیادہ واضح ہوتے ہیں اس میں انہوں نے ڈاکٹر راجندر پرشاد کی معرفت سیاسی رہنماؤں سے اپیل کی تھی کہ۔

خدا کے لئے اس ملک کی سیاست کو سدھارئے اور جلد سے ایسی ریاست کی طرح ڈالئے جس میں قوم

قوم پر بھروسہ کر سکے کمزوروں کو زور آور کا ڈر نہ ہو غریب امیر کی ٹھوکر سے بچا رہے جس میں تمدن، تمدن کے ساتھ پہلو بہ پہلو پھول پھل سکے اور ہر ایک سے دوسرے کی خوبیاں اجاگر ہوں جہاں ہر ایک وہ بن سکے جو بننے کی اس میں صلاحیت ہے اور وہ بن کر اپنی ساری قوت کو سماج کا بنا کر جائے۔

وہ چاہتے تھے کہ ایک ایسا سماج بنایا جائے جس میں بھائی بھائی ایک دل نظر آئے کوئی قدر آخری قدر ہو جس میں کوئی گیت ہو جو سب مل کر گائیں کوئی تہوار ہو جو سب مل کر منائیں، کوئی شادی ہو جو سب مل کر رچائیں کوئی دکھ ہو جو سب مل کر بانٹیں

۱۹۵۲ء میں جب ہندوستان میں پہلا الیکشن ہو رہا تھا تو پنڈت نہرو نے ایک جگہ تقریر کرتے ہوئے بڑے دکھ کے ساتھ کہا تھا کہ لوگ میرے پاس ممبری کے لئے ٹکٹ مانگنے آتے ہیں کہ اس طرح سے ملک کی خدمت کریں لیکن تعلیمی اور سماجی فلاح و بہبود کے کاموں کے میدان میں کوئی خدمت انجام دینا نہیں چاہتا۔ اس تقریر کو سن کر ذاکر صاحب نے پنڈت نہرو کو ایک خط لکھا تھا جس میں انہوں نے لکھا تھا کہ آپ مجھے ان لوگوں کی فہرست میں نہیں پائیں گے جو صرف سیاست کے میدان میں ملک کی خدمت کرنا چاہتے ہیں اس بات سے پنڈت نہرو کو بڑی خوشی ہوئی اور وہ بڑے متاثر ہوئے تھے۔

۱۹۵۲ء میں علی گڑھ یونیورسٹی کی وائس چانسلری سے صحت کی خرابی کی بنا پر استعفیٰ دینے کے بعد مولانا آزاد کی خواہش اور پنڈت نہرو کے اصرار پر ۱۹۵۷ء کے وسط میں وہ بہار کے گورنر ہو گئے یہاں بھی ان کا کام یہ تھا کہ سیاسی کشمکش کی آنچ کو ٹھنڈا کرتے رہیں اس خدمت کو ذاکر صاحب نے اس خوبی سے انجام دیا ہے کہ ۱۹۶۲ء میں وہ جمہوریۂ ہند کے نائب صدر اور راجیہ سبھا کے چیرمین مقرر ہوئے ان پانچ برسوں میں ذاکر صاحب نے اپنے فرائض کی بحسن و خوبی انجام دہی کے علاوہ دوسرے ممالک میں امن و محبت کے سفیر کی حیثیت سے دورے بھی کئے اس میدان میں ان کی خدمات کا ملک و قوم نے اس طرح اعتراف کیا کہ انہیں ہندوستان کے سب سے بڑے خطاب بھارت رتن سے نوازا۔

ملک میں ۱۹۶۷ء کے سیاسی حالات ذاکر صاحب جیسی دوراندیش اور حساس طبیعت کی نظروں سے اوجھل نہیں رہ سکے چنانچہ انہوں نے فیصلہ کر لیا تھا کہ اب وہ دوبارہ نائب صدر کے عہدے کے لئے نہیں کھڑے ہوں گے لیکن کانگریس پارٹی نے انہیں اپنا صدارتی امیدوار نامزد کر دیا پہلی دفعہ ہندوستان میں صدارت کے لئے باقاعدہ مقابلہ ہو رہا تھا تمام مخالف پارٹیاں کانگریس کے امیدوار کی مخالفت کر رہی تھیں یہ ذاکر صاحب ہی کی شخصیت تھی کہ ان سب باتوں کے باوجود وہ ایک بڑی اکثریت سے جمہوریۂ ہند کے صدر چن لئے گئے۔

ذاکر صاحب کی پوری زندگی ہمارے سیاست دانوں کو سبق دیتی ہے کہ سیاست کو اخلاقی قدروں سے منسلک کرکے ہی ہم ایسے معاشرے کو جنم دے سکتے ہیں جس میں صحیح معنی میں اچھے ہندوستانی اور بہترین آدمی بن سکیں آج کے بہت سے سیاسی لیڈروں کے برعکس ڈاکر صاحب نے ہمیشہ تکلیف کو راحت پر، خدمت کو حکومت پر اور ایثار کو دولت پر ترجیح دی۔

غرض ان کی شخصیت میں وہ توازن جاری اور ساری تھا جو یونان کے فلسفیوں اور اسلام کے معلمین اخلاق کی نظر میں انسانیت کا بہترین جوہر ہے بلاشبہ ذاکر صاحب کی شخصیت پر حکیم مشرق علامہ اقبال کا یہ شعر صادق آتا ہے۔

نگہ بلند، سخن دل نواز، جاں پرسوز
یہی ہے رخت سفر میر کارواں کے لئے

"سیاست، ستم کام وجود قومی کی تمنا ہے، فطرتاً بے تاب۔ تعلیم اقدار مطلقہ کی عاشق ہے لازماً صبر طلب۔ تعلیم ان اعلیٰ اقدار کو تازہ اور شاداب رکھتی ہے اور پیدا کرتی ہے۔ سیاست ان کو تسلیم کرتی ہے اور حفاظت۔ اس لئے وہ مخدوم ہے اور یہ خادم۔ سیاست شدت چاہتی ہے، تعلیم مدت۔ سیاست کے پروگرام آئے دن بدلتے رہتے ہیں، تعلیم کا پہلا منصوبہ ہی اتنا ہمہ گیر ہے کہ کبھی ختم نہیں ہوتا۔ اس کی منزل پہنچنے کے لئے نہیں ہے، راہ رو کا رُخ متعین کرتی ہے۔

(ڈاکٹر ذاکر حسین)

ڈاکٹر ذاکر حسین اور تعلیم ــــــ ایک ببلیوگرافی

جمیل احمد قریشی

ذاکر صاحب بہار کے گورنر بھی رہے اور نائب صدر اور صدر جمہوریہ کی حیثیت سے بھی ملک و قوم نے انہیں دیکھا مگر ان کی حیثیت کی اصل بنیاد تعلیمی کاموں سے ان کی دلچسپی تھی جامعہ، تعلیم کا مقصد، استاد کا منصب، اسکول کا فرض، نوجوانوں کی ذمے داریاں بچوں کی تربیت، تعلیم اور اس سے متعلق بہت سے دوسرے موضوعات پر انہوں نے جو کچھ کیا اور لکھا ہے اس سب کے مطالعے کے بعد ہی ہمیں تعلیمی کاموں سے ان کے لگاؤ اور اس سے ان کے فطری تعلق کا اندازہ ہو سکتا ہے اور ان ہی کے ذریعے ان کے نظریات ان کے عقائد اور ان کے حالات سمجھے جا سکتے ہیں۔

ہمیں خوشی ہے کہ جمیل قریشی صاحب (مرکزی کتب خانہ) نے تعلیم سے متعلق ذاکر صاحب کے تمام افکار و خیالات کی ایک ببلیوگرافی مرتب کر دی ہے جو ہم اپنے اس شمارے میں شائع کر رہے ہیں ہمیں یقین ہے کہ یہ ببلیوگرافی تعلیم اور ذاکر صاحب پر تحقیقی کام کرنے والوں کے بہت مفید ہو گی۔

(مدیر)

۔ صنعتی تعلیم، جامعہ ۱(۱)، جنوری ۱۹۲۳ء ۹۔۱۵ (جرمنی میں صنعتی تعلیم سے متعلق ۲ جنوری ۱۹۲۳ء کو برلن سے ایک خط
راہ عمل درسل کی سماجی تعلیم کے اصول سے ترجمہ) جامعہ ۱(۴)، اپریل ۱۹۲۳ء: ۱۔۲
۱۔ چین میں اعلیٰ تعلیم جامعہ ۶(۶)، جون ۱۹۲۶ء ۲۲۶ ۔ ۲۳۲ (پیکنگ یونیورسٹی کے چانسلر کے مضمون کا ترجمہ)
۔ بیسک نیشنل ایجوکیشن ذاکر حسین کمیٹی رپورٹ، دسمبر ۱۹۳۸ء، ہندوستانی تعلیم سنگھ،

واردھا: ۲۲ص انگریزی زبان میں گاندھی جی کے پیش لفظ کے ساتھ کمیٹی کے مندرجہ ذیل ممبر تھے

خواجہ غلام السیدین، کستوری لال مصروالا،
کے، ٹی، شاہ، جے سی، کمارپا، ونوبھاوے،
شری کرشن داس جاجو، کاکا کالیکر، آشادیوی،
آریونایکم

۵. واردھا تعلیم اسکیم، جامعہ ۲۹ (۳) مارچ ۱۹۳۸ ۲۳۵ – ۲۴۲ (تنقیدوں کا جواب)
۶. دوسری بنیادی تعلیمی کانفرنس جامعہ نگر، نئی دہلی خطبہ، ۱۱ر اپریل ۱۹۴۱ ۱۵۱
۷. بچوں کی جسمانی نشو و نما، پیام تعلیم، ۲۱ر جون ۱۹۲۹
۸. حکومت اڑیسہ کا فیصلہ (بیدرہ بنیادی اسکولوں کو بند کر دینے سے متعلق) ہمدرد جامعہ، اپریل ۱۹۴۱ء
۹. جنگ کے بعد تعلیم جامعہ ۴۲ (۳) ستمبر ۱۹۴۲ ۲ – ۹ (آل انڈیا ریڈیو سے ۲۴ر جون ۴۳ کو نشر ہوگا)
۱۰. مولانا آزاد کو اعزازی ڈگری، نئی روشنی، دہلی یکم مارچ ۱۹۴۹ء، ۳۰، ۵

یہ تقریر ۲۰ر فروری ۱۹۴۹ کو مسلم یونیورسٹی علی گڑھ کے وائس چانسلر کی حیثیت سے مولانا آزاد کو ڈاکٹر آف تھیولوجی کی اعزازی سند پیش کرتے ہوئے کی گئی۔

۱۱. بھارت میں تعلیم کا مستقبل، آج کل دہلی ۱۲ (۵) دسمبر ۱۹۵۳ء ۴۷ – ۴۸ نشری تقریر۔
۱۲. علی گڑھ علی گڑھ میگزین علی گڑھ نمبر (مرتبہ نسیم قریشی) ۱۹۵۴ ۱۹۵۵ ۴ص
۱۳. علی گڑھ ۱۹۴۳ کے بعد مسلم یونیورسٹی علی گڑھ کی تاریخ کا سلسلہ، علیگ علی گڑھ جنوری ۱۹۵۷ء ۸
۱۴. ہندوستان میں تعلیم کی از سر نو تنظیم، (مترجم ڈاکٹر سید عابد حسین) نیشنل بک ٹرسٹ مئی ۱۹۶۲ء: ۸۸ص
۱۵. تعلیمی خطبات، مکتبہ جامعہ، دہلی، جولائی ۱۹۶۱ (بار دوم) ۲۸۸ص

پہلا ایڈیشن مارچ ۱۹۴۳ء میں نکلا تھا جو عبداللطیف اعظمی صاحب نے مرتب کیا تھا
مندرجہ ذیل خطبات۔

قومی تعلیم	کاشی ودیا پیٹھ، ۱۴ر اگست ۱۹۳۵ء
مسلمانوں کی تعلیم	مسلم ایجوکیشنل کانفرنس ۲۹ر مارچ ۱۹۳۷ء
طبی تعلیم	طبیہ کالج پٹنہ ۱۹۳۸ء
بنیادی تعلیم	بنیادی تعلیمی کانفرنس ۱۱ر اپریل ۱۹۴۱ء
بچوں کی تربیت (۱)	جامعہ نگر ۱ر مارچ ۱۹۳۶ء

۱. ٹاٹا ٹرسٹ کا شاہانہ عطیہ — ہمدرد جامعہ، ۱۱ (۴) جولائی ۱۹۴۵ء ۵-۶

مبارک مہینے (وظائف کے لئے اپیل) — ہمدرد جامعہ، ۱۱ (۴) جولائی ۱۹۴۵ء: ۱۰-۱۱

۱. مسجد جامعہ نگر، — ہمدرد جامعہ، ۱۱ (۴) ۱۹۴۵ء: ۱۰-۱۱ (جوبلی کے موقع پر علیٰحدہ سے پمفلٹ بھی)

۱۸. جامعہ کیا ہے؟ پمفلٹ ۱۹۴۶ء

۱۹. جامعہ کے بچوں کے لئے شیخ الجامعہ کا پیغام — پیام تعلیم دہلی جوبلی نمبر ۲۸ (۲، ۳) نومبر، دسمبر ۱۹۴۶ء ۴۴-۴۷

۲۰. جامعہ والوں سے — جامعہ ۴۴ (۵) نومبر، دسمبر ۱۹۴۶ء ۵-۷

۲۱. جامعہ کا ترانہ — پیام تعلیم، دہلی، جوبلی نمبر ۲۸ (۲-۳) نومبر دسمبر ۱۹۴۶ء ۵۵-۵۷

۲۲. پچیس برس گزر گئے۔ — جامعہ ۴۴ (۵) نومبر، دسمبر ۱۹۴۶ء ۵-۷

۲۳. جامعہ کے نام بچوں کے نام — پیام تعلیم ۳۱، جولائی، جون ۱۹۴۹ء

۲۴. آزاد تعلیم کا ایک تجربہ — نئی روشنی، دہلی، ۱ (۱۹) یکم نومبر ۱۹۴۸ء: ۲

— جامعہ ملیہ اسلامیہ جوبلی پر خطبہ

۲۵. تحریک جامعہ سکاؤٹ کے افتتاح کے موقع پر تقریر۔ — ہمدرد جامعہ جنوری ۱۹۴۷ء

۲۶. نئے سال پر پیام — ہمدرد جامعہ ۶ (۵) فروری ۱۹۴۱ء: ۴

(حالی پرنٹنگ پریس دہلی)

Jamia Schools

Teachers' College

Jamia in 1920

STUDENTS' COUNCIL TEACHERS' COLLEGE

S C Jain, Jai Prakash Neeta Bhandari Prabha Bhandari M Akram Shakeel Ahmad,

Usha Nayar Mam Raj (Sec) Dr Salamatullah, (Principal) Nirmal Makkar (President) Imail Khan (Adviser)

शैक्षणिक परिभ्रमण *[Educational Tour]*

बी एड के ७५ छात्र छात्राओ के समूह ने श्री गुलाम दस्तगीर के नेतृत्व मे १७ से ३० दिसम्बर सन् ७२ तक अजन्ता एलौरा व बम्बई का भ्रमण रेलगाड़ी द्वारा किया इस भ्रमण के अन्तर्गत इन्होने औरंगाबाद, अहमदाबाद, जयपुर और अजमेर आदि नगरो का भी भ्रमण किया। इसी समय बी एड के शेष २५ छात्र छात्राओ ने दिल्ली की शैक्षिक संस्थाओ का भ्रमण किया। इस समूह के परामर्शदाता श्रीमती नकवी, श्री इकराम अहमद, श्री यूसुफ, श्री मसरूर हाशमी थे।

इन्ही दिनो डिप्लोमा बेसिक द्वितीय वर्ष के छात्र छात्राओ ने डा० सत्यपाल रुहेला की संरक्षता मे आगरा तथा फतेहपुर सीकरी का शैक्षणिक परिभ्रमण किया इस भ्रमण के अन्तर्गत मथुरा के तीर्थ स्थानो के दर्शन भी किये गए। इसी प्रकार डिप्लोमा आर्ट द्वितीय वर्ष के छात्र छात्राओ के एक समूह ने पंडित तुला राम गौड की संरक्षता मे उदयपुर, चित्तौड गढ तथा जयपुर का शैक्षणिक परिभ्रमण किया।

सांस्कृतिक कार्य क्रमो के साथ ही शारीरिक स्वास्थ्य सम्बन्धी कार्य क्रम भी छात्र संघ की ओर से आयोजित किये जाते रहे। समय समय पर अनेक खेल कूद प्रतियोगितायें आयोजित की गई। दिसम्बर १९७२ मे वाली-बाल टूर्नामैंट मे आजाद सदन ने प्रथम तथा टैगोर सदन ने द्वितीय स्थान प्राप्त किया।

अनमोल-वचन

उर्मिल सपरा

जो व्यक्ति अपने रहस्य को छिपाए रखता है, वह अपनी कुशलता को अपने हाथ मे रखता है।

—"हजरत उमर"

दौडना बेकार है, मुख्य बात तो समय पर पहुंचना है।

—"ल फोंत"

मानव बोलने से तथा पशु न बोलने से कष्ट पाते है।

—"तिलक"

खुशमिजाजी एक बहतरीन पोशाक है जिसे हर सोसाइटी मे पहना जा सकता है।

मेरे पास एक ही दीपक है जो मुझे मार्ग दिखाता है और वह है मेरा अनुभव।

मित्रता करने मे धैर्य से काम लो पर मित्रता कर लो तो उसे अचल और दृढ होकर निभाओ।

मुजीब ने टीचर्स कालेज के छात्र छात्राओ को बधाई दी और उन्हे आदर्श अध्यापक के गुण को ग्रहण करने का उपदेश दिया तदुपरा त कु० निर्मल मक्कर ने छात्र सघ का परिचय दिया। अन्त मे माम राज ने सभा, अतिथि तथा आगन्तुको को धन्यवाद दिया।

२ सितम्बर सन ७२ को कालिज की प्रथम पिकनिक कुतुब मीनार जैसी ऐतिहासिक स्थ पर की गई। जिसमे समस्त अध्यापक वृन्द और छात्र गण उपस्थित थे। यहा प्रत्येक सदन ० ओर से सास्कृतिक कार्य क्रम आयोजित किये गये। टैगोर सदन ने प्रथम स्थान प्राप्त किया अजम को द्वितीय और नेहरू को तृतीय स्थान मिला कालेज के प्रिंसिपल डा० सलामत उल्लाह ने पुरस्क वितरण किया तथा छात्र-छात्राओ को सहगामी क्रियाओ मे अधिक से अधिक भाग लेने के लि उत्साहित किया।

आजाद सदन की ओर से २८ सितम्बर ७२ को जामिआ मिल्लिया के स्थानि ५ कवियो को निमत्रित किया गया। इस छोटे से कवि सम्मेलन मे हिन्दी तथा उर्दू मे उच्च की कविताए और गजलें पढी गयी। 'पापाजी' की मिनी कविताए और तरग जी के गीत विशे सराहनीय रहे। इन कवियो द्वारा युगल स्वर मे गाया हुआ होली गीत बहुत पसन्द किया गय

नेहरू सदन की ओर से २३ नवम्बर '७२ को वाद-विवाद प्रतियोगिता का आयोजन गया जिसमे प्रत्येक सदन ने भाग लिया वाद विवाद प्रतियोगिता का विषय था "रोजगार दृष्टिकोण से स्त्रियो को घर मे रहकर घर की देखभाल करना आवश्यक है" इस प्रतियोगि बी एड के श्री शारदा राम को प्रथम, शाह शमशुद्दीन उस्मानी तबरेज को द्वितीय, तथा सिंह बेसिक प्रथम वर्ष को तृतीय स्थान प्राप्त हुआ।

अजमल सदन की ओर से ७ दिसम्बर ७२ को कविता और गजल का आयोजन गया जिसमे सभी सदनो को निमत्रित किया गया। व्यक्तिगत रूप से निर्मल मक्कर ने प्रथ प्राप्त किया तथा सजीदा रहमान और वीना रामश्री को क्रमश द्वितीय और तृतीय स्थान

